قد سمع الله 28

القرآن الکریم

لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

نگہت ہاشمی

اٰیاتها ۲۲ | ۵۸ سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۵ | رکوعاتها ۳

سُورۃ المجادلہ مدنی ہے اس میں بائیس آیات اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام اللہ کے وسیع رحمت والا نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ

یقیناً سن لی اللہ تعالیٰ نے بات اس عورت کی جو جھگڑا کر رہی تھی آپ سے

یقیناً اللہ تعالیٰ نے اُس عورت کی بات سن لی جو

فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ

اپنے شوہر (کے بارے) میں اور شکوہ کر رہی تھی اللہ تعالیٰ سے اور اللہ تعالیٰ سن رہا تھا

اپنے شوہر کے بارے میں آپ سے جھگڑا کر رہی تھی اور اللہ تعالیٰ سے شکوہ کر رہی تھی اور اللہ تعالیٰ

تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝۱ اَلَّذِيْنَ

گفتگو تم دونوں کی بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا سب کچھ دیکھنے والا ہے وہ لوگ جو

تم دونوں کی گفتگو سُن رہا تھا بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا، سب کچھ دیکھنے والا ہے۔(1)

يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ

ظہار کرتے ہیں تم میں سے اپنی بیویوں سے نہیں وہ مائیں ان کی

تم میں سے جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں وہ اُن کی مائیں نہیں ہیں

اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا اٰۗيْ وَلَدْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ

نہیں مائیں ان کی مگر وہی جنہوں نے جنا ہے ان کو اور بلاشبہ وہ لوگ یقیناً کہتے ہیں

بلکہ اُن کی مائیں وہی ہیں جنہوں نے اُن کو جنا ہے اور بلاشبہ وہ لوگ یقیناً

مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ

نامعقول بات اور جھوٹی اور بے شک اللہ تعالیٰ یقیناً بے حد معاف کرنے والا

ایک نامعقول اور جھوٹی بات کہتے ہیں اور بے شک اللہ تعالیٰ یقیناً بے حد معاف کرنے والا،

غَفُوْرٌ ۝۲ وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ

نہایت بخشنے والا ہے اور وہ لوگ جو ظہار کرتے ہیں اپنی بیویوں سے پھر

نہایت بخشنے والا ہے۔(2) اور جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں، پھر

يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ

رجوع کر لیتے ہیں اس کے لیے جو انہوں نے کہا تو آزاد کرنا ہے ایک گردن پہلے

اس سے رجوع کر لیتے ہیں جو انہوں نے کہا تو ایک دوسرے کو ہاتھ لگانے سے قبل ایک غلام آزاد کرنا ہے،

اَنْ يَّتَمَآسَّا ؕ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ

یہ کہ وہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں یہ ہے تمہیں نصیحت کی جاتی ہے جس کی اور اللہ تعالیٰ

یہ وہ کفارہ جس کی تمہیں نصیحت کی جاتی ہے

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۳ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ

اس سے جو تم عمل کرتے ہو پوری طرح باخبر ہے پھر جو شخص نہ پائے تو روزے رکھنے ہیں

اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اُس سے پوری طرح باخبر ہے۔(3) پھر جو شخص نہ پائے

شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ۚ فَمَنْ

دو مہینے کے لگاتار اس سے پہلے یہ کہ وہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں پھر جو

اُسے دو مہینے کے لگاتار روزے رکھنے ہیں اس سے پہلے کہ دونوں ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں پھر جو کوئی

لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ؕ ذٰلِكَ

نہ استطاعت رکھتا ہو تو کھانا کھلانا ہے ساٹھ مسکینوں کو یہ اس لیے ہے

اس کی استطاعت نہ رکھتا ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے یہ اس لیے ہے

لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ

تاکہ تم ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسول پر اور یہ حدود ہیں اللہ تعالیٰ کی

تاکہ تم اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ اور یہ اللہ تعالیٰ کی حدود ہیں

وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۴ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ

اور کافروں ہی کے لیے عذاب ہے دردناک یقیناً وہ لوگ جو مخالفت کرتے ہیں

اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔(4) یقیناً جو لوگ

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ

اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول کی وہ ذلیل کیے جائیں گے جیسا کہ ذلیل کیے گئے وہ لوگ جو

اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں، ذلیل کیے جائیں گے جیسے

مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ؕ

ان سے پہلے تھے اور بلاشبہ ہم نے نازل کر دی ہیں آیات واضح

اُن سے پہلے کے لوگ ذلیل کیے گئے اور بلاشبہ ہم نے واضح آیات نازل کر دی ہیں

وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۵ ۚ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ

اور کافروں کے لیے عذاب ہے رسوا کن جس دن اٹھائے گا ان کو اللہ تعالیٰ

اور کافروں کے لیے رُسوا کن عذاب ہے۔(5) جس دن اللہ تعالیٰ

جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ

سب کو تو بتا دے گا انھیں جو انہوں نے عمل کیے محفوظ کر رکھا ہے اسے اللہ تعالیٰ نے

اُن سب کو اُٹھائے گا تو اُنہیں بتا دے گا جو جو اُنہوں نے عمل کیے۔ اللہ تعالیٰ نے اُسے محفوظ کر رکھا ہے

وَنَسُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۶ ع ۱ ۱ ۶

اور وہ بھول گئے اسے اور اللہ تعالیٰ اوپر ہر چیز کے گواہ ہے

اور وہ اُسے بھول گئے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر گواہ ہے۔(6)

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

کیا نہیں آپ نے دیکھا یقیناً اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے

کیا آپ نے دیکھا نہیں کہ اللہ تعالیٰ یقیناً جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ

وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا

اور جو زمین میں ہے نہیں ہوتی کوئی سرگوشی تین میں مگر

زمین میں ہے۔ تین میں کوئی سرگوشی نہیں ہوتی مگر

هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ

وہ چوتھا ہوتا ہے ان کا اور نہ پانچ کی مگر وہ چھٹا ہوتا ہے ان کا

وہ اُن کا چوتھا ہوتا ہے اور نہ پانچ میں مگر وہ اُن کا چھٹا ہوتا ہے

وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ

اور نہ کم میں اس سے اور نہ زیادہ میں مگر وہ

اور نہ اُس سے کم میں اور نہ زیادہ میں مگر وہ

مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا

ساتھ ہوتا ہے ان کے جہاں کہیں وہ ہوتے ہیں پھر وہ بتادے گا ان کو ساتھ اس کے جو

اُن کے ساتھ ہوتا ہے، جہاں کہیں بھی وہ ہوتے ہیں،

عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ

انہوں نے عمل کیے دن قیامت کے یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز کو

پھر قیامت کے دن وہ اُن کو بتادے گا جو اُنہوں نے عمل کیے۔ اللہ تعالیٰ یقیناً ہر چیز کو

عَلِيْمٌ ۝۷ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا

خوب جاننے والا ہے کیا نہیں آپ نے دیکھا طرف ان کی جنہیں روکا گیا تھا

خوب جاننے والا ہے۔ (7) کیا آپ نے اُنہیں دیکھا نہیں جنہیں

عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَ

سرگوشی کرنے سے پھر وہ کرتے ہیں اس کام کو جو انہیں روکا گیا ہے اس سے اور

سرگوشی کرنے سے روکا گیا تھا؟ وہ پھر وہی کام کرتے ہیں جس سے اُنہیں روکا گیا ہے اور

يَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ۫

وہ سرگوشیاں کرتے ہیں گناہ کی اور زیادتی اور نافرمانی کی رسول کی

آپس میں وہ گناہ کی اور ظلم کی اور رسول کی نافرمانی کی سرگوشیاں کرتے ہیں

وَاِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ

اور جب وہ آپ کے پاس آتے ہیں سلام کرتے ہیں آپ کو ساتھ اس کے جو نہیں سلام کیا آپ کو

اور جب وہ آپ کے پاس آتے ہیں آپ کو ایسے (کلمے) کے ساتھ سلام کرتے ہیں جس کے ساتھ

بِهِ اللّٰهُ ۙ وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا

ساتھ جس کے اللہ تعالیٰ نے اور وہ کہتے ہیں اپنے دلوں میں کیوں نہیں عذاب دیتا ہمیں

اللہ تعالیٰ نے آپ کو سلام نہیں کیا اور وہ اپنے دلوں میں کہتے ہیں

اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ؕ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ

اللہ تعالیٰ ساتھ اس کے جو ہم کہتے ہیں کافی ہے ان کے لیے جہنم وہ اس میں داخل ہوں گے

کہ ان کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ہمیں عذاب کیوں نہیں دیتا جو ہم کہتے ہیں؟ اُن کے لیے جہنم کافی ہے، وہ اُس میں داخل ہوں گے،

فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۸ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ

پس بہت برا ہے ٹھکانہ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو جب آپس میں سرگوشی کرو تم

پس وہ بہت برا ٹھکانہ ہے۔(8) اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تم آپس میں سرگوشی کرو

فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ

تو نہ تم آپس میں سرگوشی کرو گناہ کی اور زیادتی کی اور نافرمانی کی رسول کی

تو گناہ کی اور زیادتی کی اور رسول کی نافرمانی کی سرگوشی نہ کرو

وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۟ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ

اورتم سرگوشی کیا کرو نیکی کی اورتقویٰ کی اورڈرو اللہ تعالیٰ سے وہ ذات جو

اور نیکی اور تقویٰ کی سرگوشی کرو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس کی طرف

اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۹ اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ

جس کی طرف تمہیں جمع کیا جائے گا یقیناً سرگوشی کرنا شیطان کی طرف سے ہے

تمہیں جمع کیا جائے گا۔(9) سرگوشی کرنا یقیناً شیطان کی طرف سے ہے

لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَاۤرِّهِمْ

تا کہ وہ غم میں مبتلا کرے ان لوگوں کو جو ایمان لائے حالانکہ نہیں ہرگز نقصان پہنچانے والا ان کو

تا کہ ان لوگوں کو وہ غم میں مبتلا کرے جو ایمان لائے، حالانکہ اللہ کے حکم کے بغیر اُنہیں ہرگز کچھ بھی نقصان پہچانے والا نہیں

شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰

کچھ بھی مگر اللہ تعالیٰ کے حکم سے اوراوپر اللہ تعالیٰ کے پس لازم ہے کہ بھروسہ کریں مومن

پس لازم ہے کہ مومن اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کریں۔(10)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو جب کہا جائے تمہیں کشادگی پیدا کرو

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تمہیں کہا جائے کہ مجلسوں میں کشادگی پیدا کرو

فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَاِذَا

مجلسوں میں تو جگہ کشادہ کر دیا کرو کشادگی پیدا کرے گا اللہ تعالیٰ تمہارے لیے اور جب

تو جگہ کشادہ کر دیا کرو، اللہ تعالیٰ تمہارے لیے کشادگی پیدا کرے گا اور جب

قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

کہا جائے اٹھ جاؤ تو اٹھ جایا کرو بلند کر دے گا اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جو ایمان لائے

کہا جائے کہ اُٹھ جاؤ تو اُٹھ جایا کرو، اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کے درجات بلند کرے گا جو تم میں سے ایمان لائے

مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا

تم میں سے اور وہ لوگ جن کو دیا گیا علم درجات میں اور اللہ تعالیٰ ان سے جو

اور جن کو علم دیا گیا ہے اللہ تعالیٰ ان کو بلند درجے عطا فرمائے گا اور جو کام تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اُن سے

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَاجَيْتُمُ

تم کام کرتے ہو پوری طرح باخبر اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو جب سرگوشی کرو تم

پوری طرح باخبر ہے۔(11) اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تم رسول سے کوئی سرگوشی کرو

الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَىْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ؕ ذٰلِكَ

رسول سے تو پیش کیا کرو پہلے اپنی سرگوشی سے صدقہ یہ

تو اپنی سرگوشی سے پہلے صدقہ پیش کیا کرو، یہ تمہارے حق میں زیادہ بہتر

خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ

زیادہ بہتر ہے تمہارے حق میں اور بہت پاکیزہ ہے پھر اگر نہ پاؤ تم تو یقیناً

اور بہت پاکیزہ ہے پھر اگر نہ پاؤ تو یقیناً

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا

اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا نہایت رحم والا ہے کیا ڈر گئے تم یہ کہ تم پیش کرو

اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(12) کیا تم ڈر گئے ہو کہ

بَيْنَ يَدَىْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ

پہلے اپنی سرگوشی سے صدقہ سو جب نہ تم نے ایسا کیا اور معاف کر دیا

تم اپنی سرگوشی سے پہلے صدقات پیش کرو سو جب تم نے ایسا نہیں کیا اور اللہ تعالیٰ نے بھی تمہیں معاف کر دیا ہے

اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

اللہ تعالیٰ نے تمہیں تو تم قائم کرو نماز اور دیتے رہو زکوٰۃ

تو تم نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دیتے رہو

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا

اور اطاعت کرتے رہو اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول کی اور اللہ تعالیٰ پوری طرح باخبر ہے اس سے جو

اور اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو اور جو کچھ بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ

ع ۲ ۲

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا

تم عمل کرتے ہو کیا نہیں آپ نے دیکھا طرف ان لوگوں کی جنہوں نے دوست بنایا ہے

اُس سے پوری طرح باخبر ہے۔(13) کیا آپ نے ان لوگوں کی طرف نہیں دیکھا جنہوں نے ان لوگوں کو

قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ مَا هُمْ مِّنْكُمْ

اُن لوگوں کو غضب ہوا ہے اللہ کا جن پر نہیں وہ تم میں سے

دوست بنایا ہے جن پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہوا ہے وہ نہ ہی تم میں سے ہیں

وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ

اور نہ ہی ان میں سے اور وہ قسم کھاتے ہیں اوپر جھوٹی بات کے حالانکہ وہ

اور نہ ہی اُن میں سے ہیں اور وہ جھوٹی بات پر قسم کھاتے ہیں حالانکہ وہ

يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ

جانتے ہیں تیار کر رکھا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے عذاب بہت سخت

جانتے ہیں۔(14) اللہ تعالیٰ نے اُن کے لیے بہت سخت عذاب تیار کر رکھا ہے،

اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ

یقیناً وہ بہت برا ہے جو کچھ وہ رہے عمل کرتے بنالیا انہوں نے اپنی قسموں کو

بہت بُرا ہے جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں۔(15) اُنہوں نے اپنی قسموں کو

جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ

ڈھال سو وہ روکتے ہیں اللہ تعالیٰ کی راہ سے پس ان کیلئے عذاب ہے

ڈھال بنا رکھا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکتے ہیں پس اُن کے لیے

مُّهِيْنٌ ﴿۱۶﴾ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ

رسوا کن ہرگز نہیں کام آئیں گے ان کو مال ان کے اور نہ اولاد ان کی

رُسوا کن عذاب ہے۔(16) اُن کے مال اور اُن کی اولاد

مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

اللہ تعالیٰ سے کچھ بھی یہی لوگ آگ والے ہیں وہ اس میں

اللہ تعالیٰ (کے عذاب) سے ہرگز اُن کے کچھ کام نہیں آئیں گے یہی لوگ آگ والے ہیں، وہ اس میں

خٰلِدُوْنَ ﴿۱۷﴾ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ

ہمیشہ رہنے والے ہیں جس دن اٹھائے گا ان کو اللہ تعالیٰ سب کو تو وہ قسمیں کھائیں گے

ہمیشہ رہنے والے ہیں۔(17) جس دن اللہ تعالیٰ اُن سب کو اُٹھائے گا تو وہ اُس کے سامنے بھی قسمیں کھائیں گے

لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ

اس کے لیے جیسا کہ وہ قسمیں کھاتے ہیں تمہارے لیے اور وہ گمان کریں گے یقیناً وہ

جیسے وہ تمہارے سامنے قسمیں کھاتے ہیں اور وہ گمان کریں گے کہ یقیناً وہ

عَلٰى شَيْءٍ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۸﴾ اِسْتَحْوَذَ

کسی چیز پر ہیں سن لو بلاشبہ وہ وہی جھوٹے ہیں غالب آچکا ہے

کسی (دلیل پر قائم) ہیں۔سن لو! بلاشبہ وہی جھوٹے ہیں۔(18)

عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ

ان پر شیطان سو اس نے بھلا دی انھیں یاد اللہ تعالیٰ کی یہی لوگ

شیطان اُن پر غالب آچکا ہے، سو اُس نے اُنہیں اللہ تعالیٰ کی یاد بھلا دی، یہی لوگ

حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ

گروہ ہیں شیطانی سن لو! یقیناً گروہ شیطان کا وہی

شیطانی گروہ ہیں سن لو! شیطان کا گروہ ہی

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ

خسارہ پانے والا ہے یقیناً جولوگ مخالفت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی اوراس کے رسول کی

یقیناً خسارہ پانے والا ہے۔(19) یقیناً جولوگ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں

اُولٰٓئِكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ ﴿۲۰﴾ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا

وہی ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں لکھ دیا ہے اللہ تعالیٰ نے کہ ضرور غالب آؤں گا میں

وہی ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں۔(20) اللہ تعالیٰ نے لکھ دیا ہے کہ میں اور میرے رسول ضرور غالب رہیں گے،

وَرُسُلِيْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۱﴾ لَا تَجِدُ

اور میرے رسول یقیناً اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا سب پر غالب ہے نہیں پائیں گے آپ

اللہ تعالیٰ یقیناً بڑی قوت والا ہے، سب پر غالب ہے۔(21) آپ ان لوگوں کو نہیں پائیں گے

قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ

ان لوگوں کو جو ایمان رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ پر اور دن پر آخرت کے (کہ) وہ دوستی رکھتے ہوں

جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں کہ وہ اُن لوگوں سے دوستی رکھتے ہوں

مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا

ان سے جنہوں نے مخالفت کی اللہ تعالیٰ کی اوراس کے رسول کی اور اگرچہ ہوں وہ

جنہوں نے اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی مخالفت کی، اگرچہ وہ

اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ

باپ دادا ان کے یا بیٹے ان کے یا بھائی ان کے یا خاندان ان کا یہی لوگ ہیں

اُن کے باپ ہوں یا اُن کے بیٹے ہوں یا اُن کے بھائی ہوں یا اُن کا خاندان ہوں۔ یہی لوگ ہیں

كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ

اس نے لکھ دیا جن کے دلوں میں ایمان اور قوت دی ان کو روح کے ساتھ اپنی جناب سے

جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان لکھ دیا ہے اور اُن کو اپنی جناب سے ایک رُوح کے ساتھ قوّت دی ہے

وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

اور وہ داخل کرے گا انہیں جنتوں میں بہہ رہی ہیں جن کے نیچے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے ہیں

اور اُنہیں وہ ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں، وہ اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہیں،

فِيْهَا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ

ان میں راضی ہوگیا اللہ تعالیٰ ان سے اور وہ راضی ہوئے اللہ تعالیٰ سے یہی لوگ

اللہ تعالیٰ اُن سے راضی ہوگیا اور وہ اللہ تعالیٰ سے راضی ہوگئے۔ یہی لوگ

حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع ۳ ۹ ۳

اللہ تعالیٰ کے گروہ ہیں سن لو! یقیناً اللہ تعالیٰ کا گروہ وہی فلاح پانے والے ہیں

اللہ تعالیٰ کا گروہ ہیں۔ سن لو! اللہ تعالیٰ کے گروہ کے لوگ ہی یقیناً فلاح پانے والے ہیں۔ (22)

اٰیاتها ۲۴ | ۵۹ سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۱ | رکوعاتها ۳

سُورہ حشر مدنی ہے اس میں چوبیس آیات اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام اللہ کے وسیع رحمت والا نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ

پاک ہونا بیان کیا اللہ تعالیٰ کا اس نے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

اللہ تعالیٰ کا پاک ہونا بیان کیا ہر چیز نے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ

اور وہی سب پر غالب کمال حکمت والا ہے وہی ہے جس نے نکال دیا ان لوگوں کو

اور وہی سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔ (1) وہی ہے جس نے

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا

جنہوں نے کفر کیا اہل کتاب سے ان کے گھروں سے پہلے اکٹھ میں نہ

اہل کتاب کے کافروں کو پہلے اکٹھ میں اُن کے گھروں سے نکال دیا

ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ

تم نے گمان کیا یہ کہ وہ نکلیں گے اور سمجھا تھا انہوں نے یقیناً ان کو بچانے والے ہیں

تم نے یہ گمان نہیں کیا تھا کہ وہ نکل جائیں گے اور اُنہوں نے بھی یہ سمجھا تھا

حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ

قلعے ان کے اللہ تعالیٰ سے تو آیا ان پر اللہ تعالیٰ جہاں سے

کہ اُن کے قلعے یقیناً اُنہیں اللہ تعالیٰ سے بچانے والے ہیں تو اللہ تعالیٰ اُن کے پاس آیا جہاں سے

لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۗ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ

نہیں انہیں خیال تھا اور اس نے ڈال دیا ان کے دلوں میں رُعب وہ برباد کر رہے تھے

انہوں نے خیال بھی نہیں کیا تھا اور اُس نے اُن کے دلوں پر رعب ڈال دیا، وہ

بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ فَاعْتَبِرُوْا

اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں سے اور مومنوں کے ہاتھوں سے سب عبرت حاصل کرو

اپنے ہاتھوں سے اور مومنوں کے ہاتھوں سے بھی اپنے گھروں کو برباد کر رہے تھے،

يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ۝۲ وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ

اے آنکھوں والو! اور اگر نہ یہ کہ لکھ دی ہوتی اللہ تعالیٰ نے ان پر

چنانچہ آنکھوں والو! عبرت حاصل کرو۔(2) اور اگر اللہ تعالیٰ نے

الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ؕ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ

جلاوطنی لازماً وہ عذاب دیتا انہیں دنیا ہی میں اور ان کے لئے آخرت میں

اُن پر جلاوطنی نہ لکھ دی ہوتی تو وہ دنیا ہی میں اُنہیں لازماً عذاب دیتا اور آخرت میں اُن کے لیے

عَذَابُ النَّارِ ﴿۳﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ

عذاب ہے آگ کا یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے مخالفت کی اللہ تعالیٰ کی

آگ کا عذاب ہے۔(3)اس کی وجہ یہ ہے کہ بلاشبہ انہوں نے اللہ تعالیٰ

وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ

اوراس کے رسول کی اور جو مخالفت کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی تو یقیناً اللہ تعالیٰ

اوراُس کے رسول کی مخالفت کی اور جو بھی اللہ تعالیٰ کی مخالفت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ یقیناً

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴﴾ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ

سخت ہے سزا دینے والا جو تم نے کاٹا کھجور کا درخت یا

اُسے سخت سزا دینے والا ہے۔(4) کھجور کا جو درخت تم نے کاٹا یا

تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ

تم نے چھوڑ دیا اسے کھڑا اوپر اپنی جڑوں کے تو اللہ تعالیٰ کی اجازت سے (تھا)

اسے اپنی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا اللہ تعالیٰ کی اجازت ہی سے تھا

وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۵﴾ وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى

اور تا کہ وہ رسوا کرے نافرمانوں کو اور جو لوٹا دیا ہے اللہ تعالیٰ نے اوپر

اور تا کہ وہ نافرمانوں کو رُسوا کر دے۔(5)اور اللہ تعالیٰ نے اُن (کے مال) میں سے جو

رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ

اپنے رسول کے ان میں سے پھر نہ تم نے دوڑائے اس پر گھوڑے

اپنے رسول کی طرف لوٹا دیا ہے تم نے اُس پر نہ گھوڑے دوڑائے

وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى

اور نہ اونٹ اور لیکن اللہ تعالیٰ غالب کر دیتا ہے اپنے رسولوں کو اوپر

اور نہ اونٹ لیکن اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کو

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝۶

جس کے چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ اوپر ہر چیز کے پوری قدرت رکھنے والا ہے

جس پر چاہتا ہے غالب کر دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔(6)

مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى

جو لوٹا دیا ہے اللہ تعالیٰ نے اوپر اپنے رسول کے بستیوں والوں سے

جو بھی اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کی طرف ان بستیوں والوں (کے مال) سے لوٹا دیا ہے

فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

تو اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اور رسول کے لئے ہے اور رشتہ داروں کے لیے اور یتیموں کے لیے

تو وہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور رسول کے لیے ہے اور رشتہ داروں اور یتیموں

وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَیْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً

اور مسکینوں کے لیے اور مسافروں کے لیے تاکہ نہ رہے گردش کرنے والا

اور مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے تاکہ تم میں سے

بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ؕ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ

درمیان مالداروں کے تم سب میں سے اور جو کچھ دیا تمہیں رسول نے تو وہ لے لو

مال داروں ہی کے درمیان وہ گردش کرنے والا نہ رہے اور جو کچھ رسول تمہیں دے تو وہ لے لو

وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

اور جس سے روک دیا ہے تمہیں اس سے تو رُک جاؤ اور سب ڈرو اللہ تعالیٰ سے

اور جس چیز سے تمہیں روک دے تم اُس سے رُک جاؤ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو

اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۷ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ

یقیناً اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا ہے محتاجوں کے لئے ہجرت کرنے والے

اللہ تعالیٰ یقیناً سخت سزا دینے والا ہے۔(7) یہ مال ان ہجرت کرنے والے محتاجوں کے لئے ہے

وقف لازم

الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ

جنہیں نکال دیا گیا اپنے گھروں سے اور اپنے مالوں سے وہ چاہتے ہیں

جنہیں اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے نکال دیا گیا،

فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ

فضل اللہ تعالیٰ سے اور رضا اور مدد کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول کی

وہ لوگ اللہ تعالیٰ کا فضل اور رضا چاہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی مدد کرتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۚ﴿۸﴾ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُو الدَّارَ

یہی لوگ سچے ہیں اور جن لوگوں نے جگہ بنالی گھر میں

یہی سچے لوگ ہیں۔(8) اور جن لوگوں نے ان سے پہلے دارِ ہجرت میں اور ایمان میں جگہ بنالی ہے

وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ

اور ایمان میں ان سے پہلے وہ محبت کرتے ہیں جو ہجرت کر کے آئے ان کے پاس

وہ اُن سے محبت کرتے ہیں جو ہجرت کر کے اُن کے پاس آئے ہیں

وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا

اور نہیں وہ پاتے اپنے سینوں میں کوئی تنگی اس میں سے جو انہیں دیا جاتا ہے

اور جو کچھ بھی مہاجرین کو دیا جاتا ہے وہ اُس بارے میں اپنے سینوں میں کوئی تنگی نہیں پاتے۔

وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ

اور وہ ترجیح دیتے ہیں اپنے اوپر اور اگرچہ ہوتی ہے ان کو

اور وہ اُنہیں اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں اگرچہ خود اُن کو

خَصَاصَةٌ ؕ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ

سخت ضرورت اور جسے بچالیا گیا بخل سے اس کے دل کے تو وہی لوگ

سخت ضرورت ہوتی ہے اور جسے اس کے دل کے بخل سے بچالیا گیا تو وہی لوگ

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۹ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ

وہی فلاح پانے والے ہیں اور وہ لوگ جو آئے ان کے بعد وہ کہتے ہیں

فلاح پانے والے ہیں۔(9) اور جو لوگ اُن کے بعد آئے وہ کہتے ہیں:

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا

اے ہمارے رب بخش دے ہمیں اور ہمارے بھائیوں کو وہ جو سبقت لے گئے ہم سے

”اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے اُن بھائیوں کو بھی بخش دے جو ایمان میں ہم سے سبقت لے گئے ہیں

بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ

ایمان میں اور نہ رکھ ہمارے دلوں میں کوئی بغض ان لوگوں کے لئے جو

اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے لئے کوئی بغض نہ رکھنا

ع ۱۰ ۲ الربع

اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۰

ایمان لائے اے ہمارے رب یقیناً تو بے حد شفقت کرنے والا نہایت رحم والا ہے

اے ہمارے رب! یقیناً تو بے حد شفقت کرنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(10)

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ

کیا نہیں آپ نے دیکھا طرف ان لوگوں کی جنہوں نے منافقت کی وہ کہتے ہیں

کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے منافقت کی؟

لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ

اپنے بھائیوں سے جنہوں نے کفر کیا اہل کتاب میں سے یقیناً اگر

وہ اپنے ان بھائیوں سے کہتے ہیں جنہوں نے کفر کیا، اہل کتاب میں سے، یقیناً اگر

اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ

نکالا گیا تمہیں ہم ضرور نکلیں گے تمہارے ساتھ اور نہ ہم بات مانیں گے تمہارے بارے میں

تمہیں نکالا گیا تو ہم بھی ضرور تمہارے ساتھ نکلیں گے اور تمہارے بارے میں ہم

اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ؕ

کسی ایک کی کبھی بھی اور اگر تم سے جنگ کی گئی تو ہم ضرور مدد کریں گے تمہاری

کبھی کسی کی بات نہ مانیں گے اور اگر تم سے جنگ کی گئی تو ہم ضرور تمہاری مدد کریں گے‘‘

وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۱﴾ لَئِنْ اُخْرِجُوْا

اور اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے بلاشبہ وہ یقیناً جھوٹے ہیں یقیناً اگر انہیں نکالا گیا

اور اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے کہ بلاشبہ وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔(11) اگر اُنہیں نکالا گیا

لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا

نہیں وہ نکلیں گے ساتھ ان کے اور یقیناً اگر ان سے جنگ کی گئی نہیں

تو وہ اُن کے ساتھ نہیں نکلیں گے اور اگر اُن سے جنگ کی گئی

يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۫ قف

وہ مدد کریں گے ان کی اور یقیناً اگر وہ مدد کریں گے ان کی تو وہ ضرور پھیریں گے پشتیں

تو یہ اُن کی مدد نہیں کریں گے اور یقیناً اگر وہ اُن کی مدد کریں گے تو وہ ضرور پشتیں پھیریں گے

ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً

پھر نہیں وہ مدد کیے جائیں گے بلاشبہ تم زیادہ سخت ہو خوف کے لحاظ سے

پھر وہ مدد نہیں کیے جائیں گے۔(12) بلاشبہ تم خوف کے لحاظ سے

فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا

ان کے سینوں میں اللہ تعالیٰ سے یہ اس لئے کہ بلاشبہ وہ لوگ ہیں نہیں

اُن کے سینوں میں اللہ تعالیٰ سے زیادہ سخت ہو، یہ اس لیے کہ بے شک وہ لوگ

يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۳﴾ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى

وہ سمجھ رکھتے نہیں وہ لڑیں گے تم سے اکٹھے ہو کر مگر بستیوں میں

سمجھ نہیں رکھتے۔(13) وہ اکٹھے ہو کر تم سے کبھی نہیں لڑیں گے مگر قلعہ بند بستیوں میں

مُّحَصَّنَةٍ	اَوْ	مِنْ وَّرَآءِ	جُدُرٍ ؕ	بَاْسُهُمْ	بَيْنَهُمْ
قلعہ بند	یا	پیچھے سے	دیواروں کے	لڑائی ان کی	آپس میں

یا دیواروں کے پیچھے سے، اُن کی آپس میں لڑائی

شَدِيْدٌ ؕ	تَحْسَبُهُمْ	جَمِيْعًا	وَّقُلُوْبُهُمْ	شَتّٰى ؕ
بہت سخت ہے	آپ سمجھتے ہیں انہیں	متحد	اور دل ان کے	جدا جدا ہیں

بہت سخت ہے۔ آپ اُنہیں متحد سمجھتے ہیں حالانکہ اُن کے دل جدا جدا ہیں،

ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَّا	يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ ج	كَمَثَلِ
یہ	اس لیے کہ بلاشبہ وہ	لوگ ہیں	نہیں	وہ عقل رکھتے	ان جیسے ہیں

یہ اس لیے کہ بلاشبہ وہ ایسے لوگ ہیں جو عقل نہیں رکھتے۔ (14) یہ اُن جیسے ہیں

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	قَرِيْبًا	ذَاقُوْا	وَبَالَ	اَمْرِهِمْ ج
وہ جو	ان سے پہلے تھے	قریب	انہوں نے چکھا	وبال	اپنے کام کا

جو ان سے پہلے قریب ہی تھے انہوں نے اپنے کام کا وبال چکھا

وَلَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ ﴿۱۵﴾ ج	كَمَثَلِ	الشَّيْطٰنِ	اِذْ
اور ان کے لئے	عذاب ہے	دردناک	جیسا کہ مثال ہے	شیطان کی	جب

اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔ (15) جیسے شیطان کی مثال ہے جب

قَالَ	لِلْاِنْسَانِ	اكْفُرْ ج	فَلَمَّا	كَفَرَ	قَالَ
کہا اس نے	انسان سے	کفر کر	پھر جب	اس نے کفر کیا	اس نے کہا

اُس نے انسان سے کہا: ''کفر کر!'' پھر جب اس نے کفر کیا تو اس نے کہا:

اِنِّيْ	بَرِيْٓءٌ	مِّنْكَ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اللّٰهَ
بلاشبہ میں	لاتعلق ہوں	تجھ سے	یقیناً میں	ڈرتا ہوں	اللہ تعالیٰ سے

''میں تجھ سے لاتعلق ہوں، یقیناً میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں

رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا

رب ہے تمام جہانوں کا چنانچہ ہوا ان دونوں کا انجام یقیناً وہ

جو تمام جہانوں کا رب ہے۔'' (16) چنانچہ ان دونوں کا انجام یہ ہے کہ یقیناً وہ دونوں

ع ۲ ۷ ۵

فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾

آگ میں ہمیشہ رہنے والے ہیں اس میں اور یہی سزا ہے ظالموں کی

ہمیشہ آگ میں رہنے والے ہیں اور ظالموں کی یہی سزا ہے۔(17)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو ڈر جاؤ اللہ تعالیٰ سے اور دیکھنا چاہیے

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ تعالیٰ سے ڈر جاؤ اور ہر شخص کو دیکھنا چاہیے

نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

ہر شخص کو کیا اس نے آگے بھیجا ہے کل کے لئے اور ڈرو اللہ تعالیٰ سے

کہ اُس نے کل کے لیے کیا آگے بھیجا ہے؟ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو،

اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَا

یقیناً اللہ تعالیٰ پوری طرح باخبر اس سے جو تم عمل کرتے ہو اور نہ

اللہ تعالیٰ یقیناً اُس سے پوری طرح باخبر ہے جو تم عمل کرتے ہو۔(18) اور

تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ؕ

تم ہو جاؤ ان لوگوں جیسے جو بھول گئے اللہ تعالیٰ کو تو اس نے بھلا دیں ان کو ان کی جانیں

تم اُن جیسے نہ بن جاؤ جو اللہ تعالیٰ کو بھول گئے تو اللہ تعالیٰ نے اُنہیں ان کی جانیں بھُلا دیں،

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾ لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ

یہی لوگ وہ نافرمان ہیں نہیں برابر ہو سکتے دوزخ والے

یہی لوگ نافرمان ہیں۔(19) دوزخ والے

وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ لَوْ

اور جنت والے | جنت میں جانے والے | وہی | کامیاب ہیں | اگر

اور جنت والے برابر نہیں ہو سکتے، جنت میں جانے والے ہی کامیاب ہیں۔(20) اگر

اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ

ہم نازل کر دیتے | اس | قرآن کو | کسی پہاڑ پر | یقیناً آپ دیکھتے اسے

ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کر دیتے تو یقیناً آپ اسے

خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ

پست ہونے والا | ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا | اللہ تعالیٰ کے خوف سے | اور یہ مثالیں ہیں

اللہ تعالیٰ کے خوف سے پست ہونے والا، ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا دیکھتے اور یہ مثالیں ہیں

نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ

ہم بیان کرتے ہیں انہیں | لوگوں کے لئے | تاکہ وہ | غور کریں | وہ

ہم انہیں لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور و فکر کریں۔(21) وہ

اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ

اللہ تعالیٰ | وہ ذات ہے کہ | نہیں | کوئی معبود | سوائے | اس کے | جاننے والا ہے | غیب کا

اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، غیب

وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ

اور حاضر کا | وہی | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے | وہ | اللہ تعالیٰ

اور حاضر کو جاننے والا، وہی وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے۔(22) اللہ تعالیٰ

الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

وہ ذات ہے کہ | نہیں | کوئی معبود | سوا | اس کے | بادشاہ | نہایت پاک

وہ ذات ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، بادشاہ ہے، نہایت پاک،

السَّلٰمُ	الْمُؤْمِنُ	الْمُهَيْمِنُ	الْعَزِيْزُ	الْجَبَّارُ
سلامتی والا	امن دینے والا	نگہبان	سب پر غالب	اپنی مرضی چلانے والا

سلامتی والا، امن دینے والا، نگہبان، سب پر غالب، اپنی مرضی چلانے والا،

الْمُتَكَبِّرُ ؕ	سُبْحٰنَ	اللّٰهِ	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ ﴿٢٣﴾	هُوَ
بے حد بڑائی والا	پاک ہے	اللہ تعالیٰ	اس سے جو	وہ شریک بناتے ہیں	وہی

بے حد بڑائی والا ہے، اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے جو وہ شریک بناتے ہیں۔(23) وہی

اللّٰهُ	الْخَالِقُ	الْبَارِئُ	الْمُصَوِّرُ	لَهُ
اللہ تعالیٰ ہے	خاکہ بنانے والا	وجود میں لانے والا	صورت گری کرنے والا	اس کے ہیں

اللہ تعالیٰ ہے، خاکہ بنانے والا، وجود میں لانے والا، صورت گری کرنے والا ہے،

الْاَسْمَآءُ	الْحُسْنٰى ؕ	يُسَبِّحُ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ
سارے نام	اچھے	تسبیح کرتی ہے	اس کی	ہر چیز جو	آسمانوں میں ہے

سارے اچھے نام اُسی کے ہیں، ہر چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے اُس کی تسبیح بیان کرتی ہے

ع ٣ ٦

وَالْاَرْضِ ۚ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ﴿٢٤﴾ ع
اور زمین میں ہے	اور وہ	سب پر غالب	کمال حکمت والا ہے

اور وہ سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔(24)

٦٠ سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ ٩١

اٰیاتها ١٣ | رکوعاتها ٢

سُورہ ممتحنہ مدنی ہے اس میں تیرہ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام	اللہ کے	وسیع رحمت والا	نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو مت بناؤ میرے دشمنوں کو

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! میرے دشمنوں

وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ

اور اپنے دشمنوں کو دوست تم بھیجتے ہو ان کے پاس دوستی کا پیغام حالانکہ یقیناً

اور اپنے دشمنوں کو دوست مت بناؤ، تم اُن کے پاس دوستی کا پیغام بھیجتے ہو حالانکہ

كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُوْنَ

انہوں نے انکار کیا ہے اس کا جو آیا ہے تمہارے پاس حق میں سے وہ نکالتے ہیں

جو حق تمہارے پاس آیا ہے یقیناً اُنہوں نے اُس کا انکار کیا ہے،

الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ؕ

رسول کو اور خود تمہیں یہ کہ تم ایمان رکھتے ہو اللہ تعالیٰ پر اپنے رب پر

وہ رسول کو اور خود تمہیں اس بنا پر نکالتے ہیں کہ تم اللہ تعالیٰ اپنے رب پر ایمان رکھتے ہو،

اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ

اگر تم نکلے ہو جہاد کے لئے میری راہ میں اور تلاش کرنے کے لیے

اگر تم میری راہ میں جہاد کرنے اور میری رضا تلاش کرنے کے لیے نکلے ہو

مَرْضَاتِيْ ۚ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ۚ وَاَنَا اَعْلَمُ

میری رضا کو تم چھپا کر بھیجتے ہو ان کو دوستی کا پیغام حالانکہ میں زیادہ جاننے والا ہوں

تم چھپا کر اُن کو دوستی کا پیغام بھیجتے ہو، حالانکہ میں جانتا ہوں

بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ

جو کچھ تم نے چھپایا اور جو کچھ تم نے ظاہر کیا اور جو شخص ایسا کرے

جو کچھ تم نے چھپایا اور جو تم نے ظاہر کیا اور تم میں سے جو شخص بھی ایسا کرے

مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ① اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ

تم میں سے تو یقیناً وہ بھٹک گیا سیدھے راستے سے اگر وہ تمہیں پائیں

یقیناً وہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا۔(1) اگر وہ تمہیں پائیں

يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ

ہو جائیں گے تمہارے لئے دشمن اور وہ بڑھائیں گے تمہاری طرف اپنے ہاتھ

تو تمہارے دشمن ہو جائیں گے اور اپنی زبانیں اور اپنے ہاتھ تمہاری طرف

وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ② لَنْ

اور اپنی زبانیں برائی کے ساتھ اور وہ چاہیں گے کاش تم کفر کرو ہرگز نہیں

برائی کے ساتھ بڑھائیں گے اور وہ چاہیں گے کہ کاش تم کفر کرو۔(2)

تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ

فائدہ دیں گی تمہیں تمہاری رشتہ داریاں اور نہ اولاد تمہاری دن قیامت کے

تمہاری رشتہ داریاں اور تمہاری اولاد قیامت کے دن تمہیں ہرگز فائدہ نہ دیں گی،

يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ③

وہ فیصلہ کر دے گا تمہارے درمیان اور اللہ تعالیٰ اسے جو تم عمل کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہے

وہ تمہارے درمیان فیصلہ کر دے گا اور اللہ تعالیٰ اسے خوب دیکھنے والا ہے جو تم عمل کرتے ہو۔(3)

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ

یقیناً ہے تمہارے لئے نمونہ اچھا ابراہیم میں اور جو لوگ

تمہارے لئے ابراہیم میں اور جو لوگ اُس کے ساتھ تھے اُن میں یقیناً اچھا نمونہ ہے،

مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا

اس کے ساتھ تھے جب کہا انہوں نے اپنی قوم سے کہ بلاشبہ ہم

جب اُنہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ بلاشبہ ہم تم سے اور اُن سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہیں

معانقہ ۱۲ سبع الطوال

مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۫ كَفَرْنَا

تم سے اوران سے جن کی تم عبادت کرتے ہو اللہ تعالیٰ کے سوا ہم کفر کرتے ہیں

جن کی اللہ تعالیٰ کے سوا تم عبادت کرتے ہو، ہم تمہارے ساتھ کفر کرتے ہیں

بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ

تمہارا اور ظاہر ہوگئی ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان دشمنی اور بغض

اور ہمارے اور تمہارے درمیان ہمیشہ کے لیے دشمنی اور بغض ظاہر ہوگیا،

اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا

ہمیشہ کے لئے یہاں تک کہ تم ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ پر اس اکیلے پر مگر

یہاں تک کہ تم اکیلے اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آؤ، مگر

قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ

کہنا ابراہیم کا اپنے باپ سے ضرور میں مغفرت کی دعا کروں گا آپ کے لئے اور نہیں

ابراہیم کا اپنے باپ سے یہ کہنا (نمونہ نہیں) کہ میں آپ کے لیے ضرور مغفرت کی دُعا کروں گا اور

اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ رَبَّنَا عَلَيْكَ

میں اختیار رکھتا آپ کے لئے اللہ تعالیٰ سے کسی چیز کا اے ہمارے رب تجھ پر

نہیں میں اللہ تعالیٰ سے آپ کے لئے کسی چیز کا اختیار رکھتا، اے ہمارے رب! تجھ پر

تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝۴

بھروسہ کیا ہم نے اور تیری ہی جانب رجوع کیا ہم نے اور تیری ہی جناب میں (ہماری) واپسی ہے

ہم نے بھروسہ کیا ہے اور تیری ہی جانب ہم نے رجوع کیا ہے اور تیری ہی جناب میں ہماری واپسی ہے۔(4)

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اے ہمارے رب نہ بنا ہمیں آزمائش ان لوگوں کے لئے جنہوں نے کفر کیا

اے ہمارے رب! ان لوگوں کے لئے تو ہمیں آزمائش نہ بنا جنہوں نے کفر کیا

وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٥

اور ہمیں بخش دے اے ہمارے رب! یقیناً تو تو ہی سب پر غالب کمال حکمت والا ہے

اور اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے، یقیناً تو ہی سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔(5)

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

بلاشبہ یقیناً ہے تمہارے لئے ان میں نمونہ اچھا

بلاشبہ یقیناً تمہارے لیے اُن میں اچھا نمونہ ہے،

لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ۭ وَمَنْ

اس شخص کے لئے جو ہو اُمید رکھتا ہے اللہ تعالیٰ کی اور آخرت کے دن کی اور جو

اُس شخص کے لیے جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن کی امید رکھتا ہے اور جو

يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝٦ ع

منہ پھیرتا ہے تو یقیناً اللہ تعالیٰ وہ بے نیاز ہے تمام تعریفوں کے لائق ہے

منہ پھیرتا ہے تو یقیناً اللہ تعالیٰ وہ ہے جو بے پرواہ ہے، تمام تعریفوں کے لائق ہے۔(6)

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ

قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ کہ کردے تمہارے درمیان اور درمیان

قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے اور اُن لوگوں کے درمیان

الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ

ان لوگوں کے دشمنی رکھتے ہو تم جن سے دوستی اور اللہ تعالیٰ پوری قدرت رکھنے والا ہے

جن سے تم دشمنی رکھتے ہو جلد ہی دوستی پیدا کر دے اور اللہ تعالیٰ پوری قدرت رکھنے والا ہے،

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٧ لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ

اور اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا نہایت رحم والا ہے نہیں منع کرتا تمہیں اللہ تعالیٰ

اور اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(7) اللہ تعالیٰ تمہیں ان سے منع نہیں کرتا

عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ

ان لوگوں سے نہیں جنگ کی جنہوں نے تم سے دین میں اور نہیں

جنہوں نے نہ تم سے دین کے بارے میں جنگ کی اور نہ

يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا

انہوں نے نکالا تمہیں تمہارے گھروں سے یہ کہ تم نیکی کرو ان سے اور تم انصاف کرو

تمہیں تمہارے گھروں سے نکال کے لائے کہ تم اُن سے نیکی کرو اور تم اُن کے ساتھ انصاف کرو

اِلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝٨ اِنَّمَا

ان کے ساتھ یقیناً اللہ تعالیٰ محبت رکھتا ہے انصاف کرنے والوں سے درحقیقت

اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں سے یقیناً محبت رکھتا ہے۔(8) درحقیقت

يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ

منع کرتا ہے تمہیں اللہ تعالیٰ ان لوگوں سے جنہوں نے جنگ کی تم سے دین میں

اللہ تعالیٰ تمہیں صرف اُن سے منع کرتا ہے جنہوں نے دین کے بارے میں تم سے جنگ کی

وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ

اور نکالا تمہیں تمہارے گھروں سے اور ایک دوسرے کی مدد انہوں نے اوپر تمہارے نکالنے کے

اور تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا ہے اور تمہارے نکالنے میں ایک دوسرے کی مدد کی

اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

یہ کہ تم دوستی کرو ان سے اور جو دوستی کرے گا ان سے تو وہی لوگ وہ

یہ کہ تم اُن سے دوستی کرو اور جو اُن سے دوستی کریں تو وہی لوگ

الظّٰلِمُوْنَ ۝٩ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ

ظالم ہیں اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! جب آئیں تمہارے پاس

ظالم ہیں۔(9) اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تمہارے پاس

الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ

مومن عورتیں ہجرت کر کے تو ان کی جانچ پڑتال کرلیا کرو اللہ تعالیٰ زیادہ جاننے والا ہے

ہجرت کر کے مومن عورتیں آئیں تو اُن کی جانچ پڑتال کرلیا کرو، اللہ تعالیٰ

بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ

ان کے ایمان کو پھر اگر تمہیں معلوم ہو کہ وہ مومنہ ہیں تو نہ تم لوٹاؤ ان کو

اُن کے ایمان کو زیادہ جاننے والا ہے پھر اگر تمہیں معلوم ہو کہ وہ مومنہ ہیں تو اُنہیں

اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ

کفار کی طرف نہ وہ عورتیں حلال ہیں ان کے لئے اور نہ وہ

کفار کی طرف نہ لوٹاؤ، یہ اُن کے لئے حلال نہیں اور وہ کافر

يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ؕ وَلَا جُنَاحَ

حلال ہوں گے ان کے لئے اور دے دو انہیں جو انہوں نے خرچ کیا اور نہیں کوئی گناہ

اِن کے لئے حلال نہیں ہوں گے اور جو (مہر) اُنہوں نے خرچ کیا اُنہیں دے دو اور تم پر کوئی گناہ نہیں

عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ

تم پر یہ کہ تم نکاح کرو ان سے جب دے دو تم انہیں مہر اُن کے

یہ کہ تم ان سے نکاح کرو جب ان کے مہر تم انہیں دے دو

وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْـَٔلُوْا مَآ

اور نہ تم روک کر رکھو عصمتیں کافروں کی اور مانگ لو جو کچھ

اور تم خود بھی کافر عورتوں کی عصمتوں کو روک کر نہ رکھو اور جو کچھ

اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ؕ ذٰلِكُمْ حُكْمُ

خرچ کیا تم نے اور چاہیے کہ مانگ لیں جو خرچ کیا انہوں نے یہ فیصلہ ہے

تم نے خرچ کیا ہے تم مانگ لو اور چاہیے کہ جو اُنہوں نے خرچ کیا ہے وہ مانگ لیں، یہ

اللّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ⑩

اللہ تعالیٰ کا وہ فیصلہ کرتا ہے تمہارے درمیان اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا کمال حکمت والا ہے

اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہے، وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا، کمال حکمت والا ہے۔(10)

وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ

اور اگر چلی جائے تم سے کوئی تمہاری بیویوں سے پاس کافروں کے

اور اگر تمہاری بیویوں میں سے کوئی کفار کی طرف چلی جائے،

فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ

تو تم ان (شوہروں کو) بدلہ دو چنانچہ دے دو انہیں چلی گئی ہیں بیویاں جن کی

تو تم ان کے (شوہروں) کو بدلہ دو، چنانچہ جن کی بیویاں چلی گئی ہیں انہیں اتنا دے دو

مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ

مثل (مہر) جتنا انہوں نے خرچ کیا ہے اور ڈرو اللہ تعالیٰ سے وہ ذات کہ تم

جتنا انہوں نے خرچ کیا ہے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو وہ ذات کہ جس پر تم

بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ⑪ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ

ایمان رکھنے والے ہو جس پر اے نبی! جب آئیں تمہارے پاس

ایمان رکھنے والے ہو۔(11) اے نبی! جب تمہارے پاس

الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ

مومن عورتیں بیعت کرتی ہوں تم سے اوپر اس کے کہ نہ وہ شریک کریں گی

مومن عورتیں آئیں، اس بات پر تم سے بیعت کرتی ہوں کہ وہ

بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ

ساتھ اللہ تعالیٰ کے کسی چیز کو اور نہ چوری کریں گی اور نہ زنا کریں گی

اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کریں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ زنا کریں گی

وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ

اور نہ قتل کریں گی اپنی اولاد کو اور نہ لائیں گی کوئی بہتان

اور وہ اپنی اولاد کو قتل نہ کریں گی اور وہ اپنے ہاتھ پاؤں کے آگے کوئی بہتان گھڑ کر نہ لائیں گی

يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ

گھڑ کر اس کو آگے اپنے ہاتھ کے اور پاؤں کے اور نہ وہ نافرمانی کریں گی تمہاری

اور کسی نیک کام میں وہ تمہاری نافرمانی نہ کریں گی

فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ

کسی نیک کام میں تو بیعت لے لو ان سے اور بخشش کی دُعا کرو ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے

تو اُن سے بیعت لے لو اور اُن کے لیے اللہ تعالیٰ سے بخشش کی دُعا کرو،

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا

یقیناً اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا ہے نہایت رحم والا ہے اے

یقیناً اللہ تعالیٰ واقعی بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(12) اے لوگو جو ایمان لائے ہو!

تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا

تم دوست بناؤ ان لوگوں کو غضب ہوا ہے اللہ تعالیٰ کا جن پر یقیناً وہ ناامید ہو گئے ہیں

ان لوگوں کو دوست نہ بناؤ جن پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہوا ہے

مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾ ع

آخرت سے جیسے ناامید ہو چکے ہیں کافر جو قبروں والے ہیں

یقیناً وہ آخرت سے اسی طرح نا اُمید ہو گئے ہیں جیسے وہ کافر نا اُمید ہو چکے جو قبروں والے ہیں۔(13)

ع ۲ ۴ ۸ النصف

اٰیاتها ۱۴ | ٦١ سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ ١٠٩ | رکوعاتها ۲

سورہ صف مدنی ہے اس میں چودہ آیات اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام اللہ کے وسیع رحمت والا نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ

پاک ہونا بیان کیا ہے اللہ تعالیٰ کا جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

اللہ تعالیٰ کا پاک ہونا بیان کیا ہے ہر چیز نے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ① يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور وہ سب پر غالب کمال حکمت والا ہے اے لوگو جو ایمان لائے ہو

اور وہ سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔ (1) اے لوگو جو ایمان لائے ہو!

لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ② كَبُرَ مَقْتًا

کیوں تم کہتے ہو جو نہیں تم کرتے بڑی ناراضگی کی بات ہے

تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو تم کرتے نہیں ہو؟ (2)

عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ③ اِنَّ

اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ کہ تم کہو جو نہیں تم کرتے یقیناً

اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ بڑی ناراضگی کی بات ہے کہ تم وہ بات کہو جو تم کرتے نہیں ہو۔ (3)

اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا

اللہ تعالیٰ محبت رکھتا ہے ان لوگوں سے جو جہاد کرتے ہیں اس کے راستے میں صف بستہ ہو کر

یقیناً اللہ تعالیٰ اُن لوگوں سے محبت رکھتا ہے جو اُس کے راستے میں صف بستہ ہو کر جہاد کرتے ہیں

كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ④ وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى

گویا کہ وہ عمارت ہیں سیسہ پلائی ہوئی اور جب کہا موسیٰ نے

گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی عمارت ہوں۔ (4) اور جب موسیٰ نے

لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ

اپنی قوم سے اے میری قوم کیوں تم اذیت دیتے ہو مجھے حالانکہ یقیناً تم جانتے ہو

اپنی قوم سے کہا: ''اے میری قوم! تم مجھے کیوں اذیت دیتے ہو؟ حالانکہ یقیناً تم جانتے ہو

اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ؕ فَلَمَّا زَاغُوْٓا

بلاشبہ میں رسول ہوں اللہ تعالیٰ کا تمہاری جانب پھر جب وہ ٹیڑھے ہو گئے

بلاشبہ میں تمہاری جانب اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں۔'' پھر جب وہ ٹیڑھے ہو گئے

اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

ٹیڑھا کر دیا اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو اور اللہ تعالیٰ نہیں ہدایت دیتا لوگوں کو

تو اللہ تعالیٰ نے اُن کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا اور اللہ تعالیٰ

الْفٰسِقِيْنَ ۝٥ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

نافرمان اور جب کہا عیسیٰ ابن مریم نے اے بنی اسرائیل!

نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ (5) اور جب عیسیٰ ابن مریم نے کہا: ''اے بنی اسرائیل!

اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا

یقیناً میں رسول ہوں اللہ تعالیٰ کا تمہاری طرف تصدیق کرنے والا ہوں اس کے لئے جو

یقیناً میں تمہاری طرف اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں، اس تورات کی تصدیق کرنے والا ہوں

بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ

مجھ سے پہلے تھی تورات کی اور بشارت دینے والا ہوں ایک رسول کی آئے گا

جو مجھ سے پہلے تھی اور ایک رسول کی بشارت دینے والا ہوں جو

مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

میرے بعد جس کا نام ہوگا احمد چنانچہ جب وہ آیا ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر

میرے بعد آئے گا جس کا نام احمد ہوگا۔'' چنانچہ جب وہ اُن کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آیا

قَالُوْا	هٰذَا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ ⑥	وَمَنْ	اَظْلَمُ
انہوں نے کہا	یہ	جادو ہے	کھلا	اور کون	بڑا ظالم ہے

تو انہوں نے کہا: ”یہ کھلا جادو ہے۔“ (6) اور اُس شخص سے بڑا ظالم کون ہے

مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَهُوَ	يُدْعٰٓى
اس شخص سے جو	گھڑے	اللہ تعالیٰ پر	جھوٹ	حالانکہ وہ	بلایا جا رہا ہو

جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ گھڑے جب کہ وہ

اِلَى	الْاِسْلَامِ ؕ	وَ	اللّٰهُ	لَا	يَهْدِى
طرف	اسلام کی	اور	اللہ تعالیٰ	نہیں	ہدایت دیتا
الْقَوْمَ					
لوگوں کو					

اسلام کی طرف بلایا جا رہا ہو؟ اور اللہ تعالیٰ

الظّٰلِمِيْنَ ⑦	يُرِيْدُوْنَ	لِيُطْفِـُٔوْا	نُوْرَ اللّٰهِ	بِاَفْوَاهِهِمْ	
ظالم	وہ ارادہ رکھتے ہیں	کہ بجھا دیں	اللہ تعالیٰ کی روشنی کو	اپنے مونہوں سے	

ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ (7) وہ لوگ ارادہ رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی روشنی کو اپنے مونہوں سے بجھا دیں

وَاللّٰهُ	مُتِمُّ	نُوْرِهٖ	وَلَوْ	كَرِهَ	الْكٰفِرُوْنَ ⑧
حالانکہ اللہ تعالیٰ	پورا کر کے رہنے والا ہے	اپنی روشنی	اور اگرچہ	ناپسند کریں	کافر

حالانکہ اللہ تعالیٰ اپنی روشنی کو پورا کر کے رہنے والا ہے اگرچہ کافر ناپسند کریں۔ (8)

هُوَ	الَّذِىْٓ	اَرْسَلَ	رَسُوْلَهٗ	بِالْهُدٰى	وَ
وہی ہے	جس نے	بھیجا	اپنے رسول کو	ساتھ ہدایت کے	اور
دِيْنِ الْحَقِّ					
دین حق کے					

وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا

لِيُظْهِرَهٗ	عَلَى الدِّيْنِ	كُلِّهٖ	وَلَوْ	كَرِهَ
تا کہ غالب کر دے اسے	دینوں پر	تمام	اور اگرچہ	ناپسند کریں

تا کہ اُسے تمام دینوں پر غالب کر دے اگرچہ

ع ۱ ۹/۹

الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ

مشرک | اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے | کیا | میں تمہاری راہ نمائی کروں

مشرک ناپسند کریں۔(9) اے لوگو جو ایمان لائے ہو! کیا میں

عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۱۰﴾ تُؤْمِنُوْنَ

ایک ایسی تجارت پر | جو بچالے تمہیں | دردناک عذاب سے | تم ایمان لاؤ

ایک ایسی تجارت کی طرف تمہاری راہ نمائی کروں جو تمہیں دردناک عذاب سے بچالے؟(10)

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ

اللہ تعالیٰ پر | اور اس کے رسول پر | اور تم جہاد کرو | اللہ تعالیٰ کے راستے میں | اپنے مالوں کے ساتھ

اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں اپنے مالوں

وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

اور اپنی جانوں کے ساتھ | یہ | بہتر ہے | تمہارے لئے | اگر | ہو تم

اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرو، اگر تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱﴾ۙ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ

جانتے | وہ معاف کردے گا تمہیں | تمہارے گناہ | اور وہ داخل کرے گا تمہیں | باغوں میں

جانتے ہو تو تمہارے لیے یہ بہت بہتر ہے۔(11) وہ تمہارے گناہ معاف کردے گا

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ

بہتی ہیں | جن کے نیچے سے | نہریں | اور گھروں میں | پاکیزہ | جنتوں میں

اور تمہیں باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں اور ابدی جنت

عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾ۙ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ؕ

ابدی | یہ ہے | کامیابی | بہت بڑی | اور دوسری جو تم پسند کرتے ہو

کے پاکیزہ گھروں میں، یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔(12) اور دوسری جو تم پسند کرتے ہو

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣﴾

مدد ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور فتح قریبی اور آپ خوشخبری دے دو مومنوں کو

اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد اور قریبی فتح ہے اور مؤمنوں کو خوشخبری دے دو۔(13)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ

اے لوگو جو ایمان لائے بن جاؤ مددگار اللہ تعالیٰ کے جیسے کہا

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ تعالیٰ کے مددگار بن جاؤ جیسے

عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ

عیسیٰ ابنِ مریم نے حواریوں سے کون ہوگا میرا مددگار اللہ تعالیٰ کی راہ میں

عیسیٰ ابنِ مریم نے حواریوں سے کہا: ”اللہ تعالیٰ کی راہ میں میرے مددگار کون ہیں؟“

قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ

کہا حواریوں نے ہم مددگار ہیں اللہ تعالیٰ کے چنانچہ ایمان لایا

حواریوں نے کہا: ”ہم اللہ تعالیٰ کے مددگار ہیں۔“ چنانچہ

طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا

ایک گروہ بنی اسرائیل میں سے اور کفر کیا ایک گروہ نے پھر ہم نے مدد کی

بنی اسرائیل میں سے ایک گروہ ایمان لایا اور ایک گروہ نے کفر کیا پھر ہم نے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ﴿١٤﴾ ع ٢ ٥ ١٠

ان لوگوں کی جو ایمان لائے ان کے دشمن کے مقابلے میں تو وہی ہو گئے غالب

اُن کے دشمن کے مقابلے ان لوگوں کی مدد کی جو ایمان لائے تو وہی غالب آ گئے۔(14)

٦٢ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ ١١٠

اٰیاتها ١١ | رکوعاتها ٢

سورہ جمعہ مدنی ہے اس میں گیارہ آیات اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام اللہ کے وسیع رحمت والا نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

پاک ہونا بیان کرتی ہے اللہ تعالیٰ کا جو (چیز) آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

اللہ تعالیٰ کا پاک ہونا بیان کرتی ہے ہر چیز جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے،

الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ① هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ

بادشاہ ہے بہت پاک ہے سب پر غالب کمال حکمت والا ہے وہی ہے جس نے بھیجا

جو بادشاہ ہے، بہت پاک ہے، سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔ (1) وہی ہے جس نے

فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ

ان پڑھوں میں ایک رسول ان میں سے وہ پڑھ کر سناتا ہے انہیں اس کی آیات

ان پڑھوں میں ایک رسول اُن ہی میں سے بھیجا جو اُنہیں اُس کی آیات پڑھ کر سناتا ہے

وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا

اور انہیں پاک کرتا ہے اور تعلیم دیتا ہے ان کو کتاب کی اور حکمت کی حالانکہ بلاشبہ وہ تھے

اور انہیں پاک کرتا ہے اور اُن کو کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے حالانکہ

مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۙ② وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا

اس سے پہلے یقیناً کھلی گمراہی میں اور دوسروں کے لئے بھی ان میں سے ابھی نہیں وہ ملے

بلاشبہ اس سے پہلے یقیناً وہ کھلی گمراہی میں تھے۔ (2) اور اُن میں سے دوسروں کے لیے بھی جو ابھی اُن سے نہیں ملے

بِهِمْ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ③ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ

ان سے اور وہی سب پر غالب کمال حکمت والا ہے یہ فضل ہے اللہ تعالیٰ کا

اور وہ سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔ (3) یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے

يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝۴

وہ اسے دیتا ہے جس کو وہ چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ فضل والا ہے بہت بڑے

وہ اسے جس کو چاہتا ہے اس کو دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ بہت بڑے فضل والا ہے۔(4)

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا

مثال ان لوگوں کی جن پر بوجھ رکھا گیا تورات کا پھر انہوں نے اسے نہیں اُٹھایا

ان لوگوں کی مثال جن پر تورات کا بوجھ رکھا گیا پھر انہوں نے اسے نہیں اُٹھایا

كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ

مثال کی طرح ہے گدھے کی بوجھ اٹھاتا ہے کتابوں کا بہت بری ہے مثال

گدھے کی مثال کی طرح ہے جو کتابوں کا بوجھ اُٹھاتا ہے، اُن لوگوں کی بہت بُری مثال ہے

الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا

لوگوں کی جنہوں نے جھٹلایا اللہ تعالیٰ کی آیات کو اور اللہ تعالیٰ نہیں

جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی آیات کو جھٹلایا اور اللہ تعالیٰ

يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵ قُلْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْۤا

ہدایت دیتا ظالم لوگوں کو آپ کہہ دیجیے اے لوگو جو یہودی بن گئے ہو

ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔(5) آپ کہہ دیجئے اے لوگو جو یہودی بن گئے ہو!

اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ

اگر تمہارا خیال ہے یقیناً تم دوست ہو اللہ تعالیٰ کے ماسوا لوگوں کے

اگر تمہارا یہ خیال ہے کہ یقیناً تم دوسرے لوگوں کے ماسوا اللہ تعالیٰ کے دوست ہو

فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۶ وَلَا

تو تمنا کرو موت کی اگر ہو تم سچے اور نہیں

تو موت کی تمنا کرو اگر تم واقعی سچے ہو۔(6) اور

يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ

وہ تمنا کریں گے اس کی کبھی بھی اس کی وجہ سے جو آگے بھیجا ان کے ہاتھوں نے اور اللہ تعالیٰ

وہ کبھی اس کی تمنا نہیں کریں گے اس کی وجہ سے جو اُن کے ہاتھوں نے آگے بھیجا اور اللہ تعالیٰ

عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۷ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ

خوب جاننے والا ہے ظالموں کو آپ کہہ دیں بلاشبہ موت وہ جو

ظالموں کو خوب جاننے والا ہے۔(7) آپ کہہ دیں بلاشبہ جس موت سے

تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ

تم بھاگ رہے ہو اس سے تو یقیناً وہ تم سے ملنے والی ہے پھر تم لوٹائے جاؤ گے

تم بھاگ رہے ہو تو یقیناً وہ تم سے ملنے والی ہے، پھر تم اس کے پاس لوٹائے جاؤ گے

اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

جاننے والے کی طرف پوشیدہ اور ظاہر کے تو وہ بتائے گا تمہیں جو کچھ تھے تم

جو پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والا ہے تو وہ تمہیں بتا دے گا جو کچھ

تَعْمَلُوْنَ ۝۸ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ ع ۱۱ ۱۸

کرتے اے لوگو جو ایمان لائے جب اذان دی جائے

تم کرتے تھے۔(8) اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جب جمعہ کے دن نماز کے لیے اذان دی جائے

لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ

نماز کے لئے جمعہ کے دن تو دوڑو اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف

تو اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف دوڑو

وَذَرُوا الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

اور چھوڑ دو خرید و فروخت یہ بہتر ہے تمہارے لئے اگر ہو تم

اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لیے بہت بہتر ہے اگر تم

تَعْلَمُوْنَ ۝۹ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ

جانتے | پھر جب | پوری کرلی جائے | نماز | تو پھیل جاؤ | زمین میں

جانتے ہو۔(9) پھر جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ

وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ

اور تلاش کرو | اللہ تعالیٰ کے فضل میں سے | اور یاد کرو | اللہ تعالیٰ کو | کثرت سے | تاکہ تم

اور اللہ تعالیٰ کے فضل میں سے تلاش کرو اور اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کیا کرو تاکہ تم

تُفْلِحُوْنَ ۝۱۰ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا ِۨ انْفَضُّوْٓا

فلاح پاؤ | اور جب | وہ دیکھتے ہیں | تجارت | یا کھیل تماشا | وہ چلے جاتے ہیں

فلاح پاؤ۔(10) اور جب وہ کوئی تجارت یا کھیل تماشا دیکھتے ہیں تو اُس کی طرف چلے جاتے ہیں

اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآىِٕمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ

اس کی طرف | اور چھوڑ دیتے ہیں تمہیں | کھڑا | آپ کہہ دیجیے | جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے | بہتر ہے

اور تمہیں کھڑا چھوڑ دیتے ہیں، کہہ دیجئے کہ جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے

مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝۱۱ ع ۲ ۲ ۱۲

کھیل تماشے سے | اور تجارت سے | اور اللہ تعالیٰ | بہترین ہے | سب رزق دینے والوں سے

کھیل تماشے سے اور تجارت سے بہت بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ سب رزق دینے والوں سے بہترین ہے۔(11)

۶۳ سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۴

اٰیاتها ۱۱ | رکوعاتها ۲

سورہ منافقون مدنی ہے اس میں گیارہ آیات اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا ہے | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ

جب آتے ہیں آپ کے پاس منافق کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں بلاشبہ آپ

جب منافق آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ بلاشبہ آپ

لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ

یقیناً رسول ہیں اللہ تعالیٰ کے اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے بلاشبہ آپ یقیناً اس کے رسول ہیں

یقیناً اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ بلاشبہ یقیناً آپ اُس کے رسول ہیں

وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۚ﴿۱﴾ اِتَّخَذُوْٓا

اور اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے بلاشبہ منافقین یقیناً جھوٹے ہیں انہوں نے بنالیا

اور اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے کہ بلاشبہ منافق یقیناً جھوٹے ہیں۔(1) اُنہوں نے

اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ

اپنی قسموں کو ڈھال پس انہوں نے روکا اللہ تعالیٰ کی راہ سے یقیناً وہ برا ہے

اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے چنانچہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکا یقیناً بہت برا کام ہے

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ

جو وہ رہے کرتے یہ اس وجہ سے کہ وہ ایمان لائے تھے پھر

جو وہ کرتے رہے ہیں۔(2) یہ اس وجہ سے ہے کہ وہ لوگ ایمان لائے پھر

كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا

انہوں نے کفر کیا تو مہر لگا دی گئی ہے اوپر ان کے دلوں کے چنانچہ وہ نہیں

اُنہوں نے کفر کیا تو اُن کے دلوں پر مہر لگا دی گئی ہے چنانچہ وہ کچھ نہیں

يَفْقَهُوْنَ ﴿۳﴾ وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ

سمجھتے اور جب آپ انہیں دیکھیں اچھے لگیں آپ کو جسم ان کے

سمجھتے۔(3) اور جب آپ اُنہیں دیکھیں تو اُن کے جسم آپ کو اچھے لگیں گے

وقف لازم

وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ

اور اگر وہ کہیں تم سنتے رہ جاؤ گے ان کی باتیں گویا کہ وہ لکڑیاں ہیں

اور اگر وہ بات کریں تو آپ اُن کی بات سنتے رہ جاؤ گے، گویا وہ

مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ

ٹیک لگائی ہوئی وہ سمجھتے ہیں ہر بلند آواز کو اپنے خلاف وہی اصل دشمن ہیں

ٹیک لگائی ہوئی لکڑیاں ہیں، وہ ہر بُلند آواز کو اپنے خلاف سمجھتے ہیں، وہی اصل دشمن ہیں

فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝۴

چنانچہ آپ ان سے چوکنے رہیں ہلاک کرے انہیں اللہ تعالیٰ کہاں سے وہ بہکائے جا رہے ہیں

چنانچہ آپ اُن سے چوکنے رہیں اللہ تعالیٰ اُنہیں ہلاک کرے! کہاں سے وہ بہکائے جا رہے ہیں؟(4)

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اور جب کہا جاتا ہے ان سے آؤ تمہاری بخشش کی دعا کرے رسول اللہ تعالیٰ کا

اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ آؤ! اللہ کا رسول تمہاری بخشش کی دُعا کرے

لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ

تو وہ پھیر لیتے ہیں اپنے سر اور آپ انہیں دیکھیں گے وہ رک جاتے ہیں اس حال میں کہ وہ

تو وہ اپنے سر پھیر لیتے ہیں اور آپ اُنہیں دیکھیں گے کہ وہ رُک جاتے ہیں اس حال میں

مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝۵ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ

تکبر کرنے والے ہیں برابر ہے ان پر آپ بخشش کی دعا کریں ان کے لئے یا نہ

کہ وہ تکبر کرنے والے ہیں۔(5) آپ اُن کے لیے بخشش کی دُعا کریں یا نہ کریں

تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ

آپ بخشش کی دعا کریں ان کے لئے ہرگز نہیں معاف کرے گا اللہ تعالیٰ انہیں یقیناً

ان پر برابر ہے، اللہ تعالیٰ اُنہیں ہرگز معاف نہ کرے گا،

اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝٦ هُمُ الَّذِيْنَ

اللہ تعالیٰ نہیں ہدایت دیتا لوگوں کو نافرمان وہ وہی لوگ ہیں جو

اللہ تعالیٰ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔(6) یہی لوگ ہیں

يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

کہتے ہیں مت خرچ کرو اوپر جو پاس ہے اللہ تعالیٰ کے رسول کے

جو کہتے ہیں کہ ان لوگوں پر مت خرچ کرو جو رسول اللہ کے پاس ہیں،

حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ

یہاں تک کہ وہ منتشر ہو جائیں حالانکہ اللہ تعالیٰ کے ہیں خزانے آسمانوں کے

یہاں تک کہ وہ منتشر ہو جائیں حالانکہ آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝٧ يَقُوْلُوْنَ

اور زمین کے اور لیکن منافق نہیں سمجھتے وہ کہتے ہیں

اور زمین کے خزانے اللہ تعالیٰ ہی کے ہیں لیکن منافق سمجھتے نہیں ہیں۔(7) وہ کہتے ہیں

لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ

یقیناً اگر ہم لوٹ گئے طرف مدینہ کی تو لازماً نکال دے گا زیادہ عزت والا

کہ اگر ہم مدینہ لوٹ گئے تو زیادہ عزت والا اُس سے زیادہ ذلیل کو لازماً نکال دے گا،

مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ

اس سے زیادہ ذلیل کو اور اللہ تعالیٰ کے لئے ہے عزت اور اس کے رسول کے لئے

حالانکہ عزت تو صرف اللہ تعالیٰ کے لیے اور اُس کے رسول کے لیے

وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٨ ع ١ ٤٨ ١٣

اور ایمان والوں کے لئے اور لیکن منافق نہیں جانتے

اور ایمان والوں کے لیے ہے لیکن منافق جانتے نہیں ہیں۔(8)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو نہ غافل کردیں تمہیں مال تمہارے اور نہ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تمہارے مال

اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ

تمہاری اولاد اللہ تعالیٰ کی یاد سے اور جو کرے گا ایسا

اور تمہاری اولاد اللہ تعالیٰ کی یاد سے تمہیں غافل نہ کردیں اور جو لوگ ایسا کریں گے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۹ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا

تو یہی لوگ وہی خسارہ اٹھانے والے ہیں اور خرچ کرو اس میں سے جو

وہی خسارہ اُٹھانے والے ہیں۔(9) اور خرچ کرو اُس میں سے جو

رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

رزق دیا ہم نے تمہیں اس سے پہلے یہ کہ آجائے تم میں سے کسی کو موت

ہم نے تمہیں دیا ہے اس سے پہلے کہ تم میں سے کسی کو موت آجائے

فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ

تو وہ کہے اے میرے رب! کیوں نہ تو نے مہلت دی مجھے مدت تک

تو وہ کہے: ''اے میرے رب! تو نے مجھے قریبی مدت تک مہلت کیوں نہ دی؟

قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۰ وَلَنْ

قریبی کہ میں صدقہ کرتا اور میں ہو جاتا نیک لوگوں میں سے اور ہرگز نہیں

کہ میں صدقہ کرتا اور نیک لوگوں میں شامل ہو جاتا۔''(10) اور

يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۭ

مہلت دے گا اللہ تعالیٰ کسی جان کو جب آجائے گی مقررہ مدت اس کی

اللہ تعالیٰ کسی جان کو ہرگز مہلت نہیں دے گا جب اُس کی مقررہ مدت آجائے گی۔

وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱﴾ ع

اور اللہ تعالیٰ پوری طرح باخبر ہے اس سے جو تم عمل کرتے ہو

اور اللہ تعالیٰ اُس سے پوری طرح باخبر ہے جو تم عمل کرتے ہو۔ (11)

اٰیاتھا ۱۸ | ۶۴ سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۸ | رکوعاتھا ۲

سورہ تغابن مدنی ہے اس میں اٹھارہ آیات اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام اللہ کے وسیع رحمت والا نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

پاک ہونا بیان کرتی ہے اللہ تعالیٰ کا جو (چیز) آسمانوں میں ہے اور جو

اللہ تعالیٰ کا پاک ہونا بیان کرتی ہے ہر چیز جو آسمانوں میں ہے اور جو

فِي الْاَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

زمین میں ہے اس کے لیے ہے بادشاہت اور اس کے لیے ہے سب تعریف

زمین میں ہے اُسی کے لیے بادشاہت ہے اور اُسی کے لیے سب تعریف ہے

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ

اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے وہ وہی ذات ہے جس نے پیدا کیا تمہیں

اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ (1) وہی ذات ہے جس نے تمہیں پیدا کیا ہے،

فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا

پھر تم میں سے کوئی کافر ہے اور تم میں سے کوئی مومن ہے اور اللہ تعالیٰ اس کو جو

پھر تم میں سے کوئی کافر ہے اور تم میں سے کوئی مومن ہے اور اللہ تعالیٰ اُس کو

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۲ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

تم عمل کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہے اس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو

خوب دیکھنے والا ہے جو تم عمل کرتے ہو۔(2) اُس نے آسمانوں اور زمین کو

بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَاِلَيْهِ

ساتھ حق کے اور صورتیں بنائیں تمہاری تو اچھی بنائیں صورتیں تمہاری اور اسی کی طرف

برحق پیدا کیا ہے اور اُس نے تمہاری صورتیں بنائیں تو اچھی صُورتیں بنائیں اور اُسی کی طرف

الْمَصِيْرُ ۝۳ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

لوٹنا ہے وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں

لوٹنا ہے۔(3) وہ جانتا ہے آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے

وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۭ وَاللّٰهُ

اور وہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو اور اللہ تعالیٰ

اور وہ جانتا ہے جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور اللہ تعالیٰ

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۴ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا

خوب جاننے والا ہے سینوں والی باتوں کو کیا نہیں آئی تمہارے پاس خبر

سینوں والی باتوں کو خوب جاننے والا ہے۔(4) کیا تمہارے پاس اُن کی خبر نہیں آئی

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۡ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ

ان لوگوں کی جنہوں نے کفر کیا اس سے پہلے پھر وہ چکھ چکے وبال اپنے کام کا

جنہوں نے اس سے پہلے کفر کیا؟ پھر وہ اپنے کام کا وبال چکھ چکے

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۵ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ

اور ان کے لئے عذاب ہے دردناک یہ اس لئے ہے کہ یقیناً تھے

اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔(5) یہ اس لیے ہے کہ

تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ

آتے رہے ان کے پاس رسول ان کے واضح دلائل کے ساتھ تو انہوں نے کہا کیا انسان

یقیناً اُن کے پاس اُن کے رسول واضح دلائل کے ساتھ آتے رہے تھے تو اُنہوں نے کہا: ”کیا انسان

يَّهْدُوْنَنَا ۫ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ

ہماری راہ نمائی کریں گے چنانچہ انہوں نے کفر کیا اور منہ پھیر لیا اور بے پرواہ ہو گیا اللہ تعالیٰ (ان سے)

ہماری راہ نمائی کریں گے؟“ چنانچہ اُنہوں نے کفر کیا اور منہ پھیر لیا اور اللہ تعالیٰ بھی اُن سے بے پرواہ ہو گیا

وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۶ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

اور اللہ تعالیٰ بے پروا ہے تمام خوبیوں والا ہے گمان کیا ان لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا

اور اللہ تعالیٰ بے پروا ہے، تمام خوبیوں والا ہے۔ (6) جن لوگوں نے کفر کیا اُنہوں نے گمان کیا

اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ

یہ کہ ہرگز نہیں اٹھایا جائے گا انہیں آپ کہہ دیجیے کیوں نہیں قسم ہے میرے رب کی

کہ وہ ہرگز نہیں اُٹھائے جائیں گے آپ کہہ دیجیے کیوں نہیں؟ میرے رب کی قسم!

لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ

تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر تمہیں ضرور بتایا جائے گا جو کچھ کیا تم نے

تم ضرور اُٹھائے جاؤ گے پھر جو کچھ تم نے کیا تمہیں ضرور بتایا جائے گا

وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۷ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

اور یہ اللہ تعالیٰ پر بہت آسان ہے چنانچہ ایمان لے آؤ اللہ تعالیٰ پر

اور اللہ تعالیٰ پر یہ بہت آسان ہے۔ (7) چنانچہ تم اللہ تعالیٰ پر

وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ

اور اس کے رسول پر اور نور پر وہ جو ہم نے اتارا ہے اور اللہ تعالیٰ

اور اُس کے رسول پر اور اُس نور پر جو ہم نے اُتارا ہے ایمان لے آؤ اور اللہ تعالیٰ

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ ⑧	يَوْمَ	يَجْمَعُكُمْ
اس سے جو	تم عمل کرتے ہو	خوب باخبر ہے	جس دن	وہ جمع کرے گا تمہیں

اس سے جو تم عمل کرتے ہو خوب باخبر ہے۔(8) جب

لِيَوْمِ الْجَمْعِ	ذٰلِكَ	يَوْمُ	التَّغَابُنِ ؕ	وَمَنْ
اجتماع کے دن کے لیے	وہی	دن (ہوگا)	ہار جیت کا	اور جو

اجتماع کے دن کے لیے وہ تم سب کو جمع کرے گا، وہی ہار جیت کا دن ہوگا۔ اور جو

يُّؤْمِنْ	بِاللّٰهِ	وَيَعْمَلْ	صَالِحًا	يُّكَفِّرْ	عَنْهُ
ایمان لائے	اللہ تعالیٰ پر	اور عمل کرے	نیک	وہ دور کردے گا	ان سے

اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے، تو وہ اُس کی برائیاں اُس سے دور کردے گا

سَيِّاٰتِهٖ	وَيُدْخِلْهُ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا
برائیاں اس کی	اور داخل کرے گا اس کو	باغوں میں	بہتی ہیں	جن کے نیچے سے

اور اُس کو باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا ؕ	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ
نہریں	ہمیشہ رہنے والے ہیں	ان میں	ہمیشہ ہمیشہ	یہ ہے	کامیابی

نہریں بہتی ہیں، وہ ہمیشہ اُس میں رہنے والے ہیں ہمیشہ ہمیشہ، یہی

الْعَظِيْمُ ⑨	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ	اُولٰٓئِكَ
بہت بڑی	اور وہ لوگ	جنہوں نے کفر کیا	اور جھٹلایا	ہماری آیات کو	یہی لوگ

بہت بڑی کامیابی ہے۔(9) اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کو جھٹلایا، یہی لوگ

اَصْحٰبُ النَّارِ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا ؕ	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ ⑩ ع
آگ والے ہیں	ہمیشہ رہنے والے ہیں	اس میں	اور بہت بری ہے	لوٹ کر جانے کی جگہ

آگ والے ہیں جو اُس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں اور وہ لوٹ کر جانے کی بہت بری جگہ ہے۔(10)

ع ۱۰ ۱۵ الثلثة

مَآ اَصَابَ مِنۡ مُّصِيۡبَةٍ اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنۡ

نہیں پہنچتی کوئی مصیبت مگر اللہ تعالیٰ کے حکم سے اور جو

اللہ تعالیٰ کے حکم کے سوا کوئی مصیبت نہیں پہنچتی اور جو شخص

يُّؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ يَهۡدِ قَلۡبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ

ایمان رکھتا ہے اللہ تعالیٰ پر وہ ہدایت دیتا ہے اس کے دل کو اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو

اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہے وہ اُس کے دل کو ہدایت دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو

عَلِيۡمٌ ﴿۱۱﴾ وَاَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ ۚ فَاِنۡ

خوب جاننے والا ہے اور اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول کی پھر اگر

خوب جاننے والا ہے۔(11) اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو، اگر

تَوَلَّيۡتُمۡ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوۡلِنَا الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ﴿۱۲﴾

تم پھر جاؤ تو یقیناً ہمارے رسول پر پہنچا دینا ہے صاف صاف

تم پھر جاؤ تو ہمارے رسول پر محض صاف صاف پہنچا دینا ہے۔(12)

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ نہیں کوئی معبود سوائے اس کے اور اوپر اللہ تعالیٰ کے

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور

فَلۡيَتَوَكَّلِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ

لازم ہے کہ توکل کریں ایمان والے اے لوگو جو ایمان لائے ہو یقیناً

ایمان والوں پر لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ پر توکل کریں۔(13) اے لوگو جو ایمان لائے ہو! یقیناً

مِنۡ اَزۡوَاجِكُمۡ وَاَوۡلَادِكُمۡ عَدُوًّا لَّكُمۡ فَاحۡذَرُوۡهُمۡ ۚ

تمہاری بیویوں میں سے اور تمہاری اولادوں میں سے دشمن ہیں تمہارے لیے سو ہوشیار رہو ان سے

تمہاری بیویوں اور تمہاری اولادوں میں سے بعض تمہارے لیے دشمن ہیں سو اُن سے ہوشیار رہو

وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

اور اگر تم معاف کر دو اور درگزر کرو اور تم بخش دو تو یقیناً اللہ تعالیٰ

اور اگر تم معاف کر دو اور درگزر کرو اور بخش دو تو یقیناً اللہ تعالیٰ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ

بے حد بخشنے والا نہایت رحم والا ہے یقیناً مال تمہارے اور اولاد تمہاری آزمائش ہیں

بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(14) تمہارے مال اور تمہاری اولادیں تو بس آزمائش ہیں

وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

اور اللہ تعالیٰ اس کے پاس اجر ہے بہت بڑا سو ڈرتے رہو اللہ تعالیٰ سے

اور اللہ تعالیٰ کے پاس بہت بڑا اجر ہے۔(15) سو

مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا

جتنی تم استطاعت رکھتے ہو اور سنو اور اطاعت کرو اور خرچ کرو بہتر ہے

جتنی تم استطاعت رکھتے ہو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور سنو اور اطاعت کرو اور خرچ کرتے رہو

لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ

تمہارے لئے اور جو بچا لیا گیا بخیلی سے اپنے نفس کی تو وہی لوگ

یہی تمہارے لیے بہتر ہے اور جو اپنے نفس کی بخیلی سے بچا لیا گیا

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

وہ فلاح پانے والے ہیں اگر تم قرض دو اللہ تعالیٰ کو قرض اچھا

تو وہی فلاح پانے والے ہیں۔(16) اگر تم اللہ تعالیٰ کو قرضِ حسنہ دو گے

يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ

تو وہ کئی گنا بڑھا دے اس کو تمہارے لئے اور بخش دے گا تمہیں اور اللہ تعالیٰ بڑا قدر دان ہے

تو وہ اُسے تمہارے لیے کئی گنا بڑھا دے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ تعالیٰ بڑا

حَلِيْمٌ ﴿١٧﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١٨﴾ ع

بے حد بردبار ہے جاننے والا ہے پوشیدہ اور ظاہر کو سب پر غالب کمال حکمت والا ہے

قدر دان، بے حد بردبار ہے۔(17) پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والا ہے، سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔(18)

اٰیاتھا ۱۲ — ٦٥ سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ ٩٩ — رکوعاتھا ۲

سُورہ طلاق مدنی ہے اس میں بارہ آیات اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام اللہ کے وسیع رحمت والا نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ

اے نبی جب تم طلاق دو عورتوں کو تو طلاق دو ان کو

اے نبی! جب تم لوگ عورتوں کو طلاق دو تو انہیں

لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ

ان کی عدت کے لئے اور شمار کیا کرو عدت کو اور ڈرو اللہ تعالیٰ سے رب ہے تمہارا

اُن کی عدت میں طلاق دو اور عدت کو شمار کیا کرو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو جو تمہارا رب ہے

لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ

نہ نکالو ان کو ان کے گھروں سے اور نہ ہی وہ نکلیں مگر یہ کہ

تم اُنہیں اُن کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ ہی وہ خود نکلیں

يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ

وہ کریں بے حیائی کھلی اور یہ حدود ہیں اللہ تعالیٰ کی

مگر یہ کہ وہ کھلی بے حیائی کریں۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کی حدود ہیں

وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَاللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ

اور جو آگے بڑھے اللہ تعالیٰ کی حدود سے تو بلاشبہ اس نے ظلم کیا اپنے آپ پر

اور جو اللہ تعالیٰ کی حدود سے تجاوز کرتا ہے تو بلاشبہ اُس نے خود پر ہی ظلم کیا ہے

لَا تَدْرِیْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ

نہیں آپ جانتے شاید کہ اللہ تعالیٰ پیدا کردے بعد اس کے

آپ نہیں جانتے اس کے بعد شاید اللہ تعالیٰ

اَمْرًا ۝۱ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ

کوئی (نئی) بات چنانچہ جب وہ پہنچ جائیں اپنی مدت کو تو روک لو ان کو

کوئی نئی بات پیدا کردے۔ (1) چنانچہ جب وہ اپنی مدت کو پہنچ جائیں تو اُن کو

بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا

معروف کے مطابق یا جدا کردو ان کو معروف کے مطابق اور گواہ بنالو

معروف کے مطابق روک لو یا معروف کے مطابق ان کو جدا کردو اور

ذَوَیْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ

دو عادل آدمی اپنے میں سے اور قائم کرو گواہی اللہ تعالیٰ کے لئے یہ

اپنے میں سے دو عادل آدمی گواہ بنالو اور گواہی اللہ تعالیٰ کے لیے قائم کرو۔

يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

نصیحت کی جاتی ہے ساتھ اس کے جو ہے ایمان رکھتا اللہ تعالیٰ پر

اس کے ساتھ تم میں سے اُس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ تعالیٰ

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ

اور دن پر آخرت کے اور جو ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ سے وہ بنادیتا ہے

اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے، وہ اُس کے لیے نکلنے کا

لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ﴿۲﴾ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ

اس کے لئے نکلنے کا کوئی راستہ اور وہ رزق دیتا ہے اس کو جہاں سے نہیں وہ گمان رکھتا

راستہ بنا دیتا ہے۔(2) اور اُس کو وہاں سے رزق دیتا ہے جہاں سے وہ گمان بھی نہیں رکھتا

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ

اور جو توکل کرتا ہے اللہ تعالیٰ پر تو وہی کافی ہے اس کو بلاشبہ

اور جو اللہ تعالیٰ پر توکل کرتا ہے تو وہی اُس کو کافی ہے، بلاشبہ

اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ

اللہ تعالیٰ پورا کرنے والا ہے اپنا کام یقیناً مقرر کی اللہ تعالیٰ نے

اللہ تعالیٰ اپنا کام پورا کر کے رہنے والا ہے یقیناً اللہ تعالیٰ نے

لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ﴿۳﴾ وَالّٰٓـِٔيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ

ہر چیز کے لیے ایک تقدیر اور جو عورتیں مایوس ہو چکی ہوں حیض سے

ہر چیز کے لیے ایک تقدیر مقرر کر رکھی ہے۔ (3) اور تمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے مایوس ہو چکی ہیں،

مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ

تمہاری عورتوں میں سے اگر تمہیں شک ہو تو عدت ان کی تین ماہ ہے

اگر تمہیں شک ہو تو اُن کی عدت تین ماہ ہے

وَّالّٰٓـِٔيْ لَمْ يَحِضْنَ ؕ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ

اور ان کی جنہیں نہیں حیض آیا اور حمل والی عورتیں عدت ان کی

اور اُن کی بھی جنہیں ابھی تک حیض نہیں آیا اور حمل والی عورتوں کی عدت یہ ہے

اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ

یہ کہ وہ وضع کر دیں حمل اپنا اور جو ڈرے گا اللہ تعالیٰ سے

کہ وہ وضعِ حمل کر دیں، اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے گا، وہ

يَجْعَلْ	لَّهٗ	مِنْ اَمْرِهٖ	يُسْرًا ۝٤	ذٰلِكَ	اَمْرُ
کردے گا	اس کے لئے	اس کے کام سے	آسانی	یہ	حکم ہے

اُس کے کام میں اس کے لیے آسانی پیدا کردے گا۔(4) یہ

اللّٰهِ	اَنْزَلَهٗٓ	اِلَيْكُمْ ؕ	وَمَنْ	يَّتَّقِ	اللّٰهَ
اللہ تعالیٰ کا	نازل کیا اس نے	تمہاری جانب	اور جو	ڈرے گا	اللہ تعالیٰ سے

اللہ تعالیٰ کا حکم ہے جو اُس نے تمہاری جانب نازل کیا ہے اور جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے گا

يُكَفِّرْ	عَنْهُ	سَيِّاٰتِهٖ	وَيُعْظِمْ	لَهٗٓ	اَجْرًا ۝٥
وہ دور کردے گا	اس سے	برائیاں اس کی	اور بڑا دے گا	اس کا	اجر

وہ اُس کی برائیاں دور کردے گا اور اسے اس کا بڑا اجر دے گا۔(5)

اَسْكِنُوْهُنَّ	مِنْ حَيْثُ	سَكَنْتُمْ	مِّنْ وُّجْدِكُمْ	وَلَا
انہیں وہیں رہائش دو	جہاں	رہتے ہو تم	اپنی حیثیت کے مطابق	اور نہ

اُنہیں بھی وہیں رہائش دو اپنی حیثیت کے مطابق جہاں تم خود رہتے ہو

تُضَآرُّوْهُنَّ	لِتُضَيِّقُوْا	عَلَيْهِنَّ ؕ	وَاِنْ	كُنَّ	اُولَاتِ حَمْلٍ
تم تکلیف دو ان کو	کہ تنگی کرو	ان پر	اور اگر	ہوں وہ	حمل والی

اور تم انہیں تکلیف نہ دو کہ تنگی کرو ان پر اور اگر وہ حمل والی ہوں

فَاَنْفِقُوْا	عَلَيْهِنَّ	حَتّٰى	يَضَعْنَ	حَمْلَهُنَّ ۚ	فَاِنْ
تو خرچ کرو	ان پر	یہاں تک کہ	وہ وضع کردیں	حمل اپنا	پھر اگر

تو اُن پر خرچ کرو یہاں تک کہ وہ وضعِ حمل کردیں پھر اگر

اَرْضَعْنَ	لَكُمْ	فَاٰتُوْهُنَّ	اُجُوْرَهُنَّ ۚ	وَاْتَمِرُوْا	بَيْنَكُمْ
وہ دودھ پلائیں	تمہارے لئے	تو دے دو ان کو	اجرت ان کی	اور مشورہ کرو	آپس میں

وہ تمہارے لیے دودھ پلائیں تو اُن کی اجرت اُنہیں دے دو اور اچھے انداز سے آپس میں مشورہ کرو

بِمَعْرُوْفٍ ۚ	وَاِنْ	تَعَاسَرْتُمْ	فَسَتُرْضِعُ	لَهٗٓ
اچھے انداز سے	اور اگر	تم آپس میں تنگی کرو	تو جلد ہی دودھ پلائے گی	اس کے لئے

اور اگر تم آپس میں تنگی کرو تو جلد ہی کوئی دوسری عورت اُس کے لیے دودھ پلائے گی۔(6)

اُخْرٰى ؕ ۶	لِيُنْفِقْ	ذُوْ سَعَةٍ	مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ	وَمَنْ
دوسری	لازم ہے کہ خرچ کرے	خوش حال	اپنی وسعت کے مطابق	اور جو

لازم ہے کہ خوش حال اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرے اور جس پر اس کا

قُدِرَ	عَلَيْهِ	رِزْقُهٗ	فَلْيُنْفِقْ	مِمَّآ	اٰتٰىهُ
تنگ کیا گیا	جس پر	رزق اس کا	تو وہ خرچ کرے	اس میں سے جو	دیا ہے اسے

رزق تنگ کیا گیا ہے وہ اس میں سے خرچ کرے گا جو

اللّٰهُ ؕ	لَا	يُكَلِّفُ	اللّٰهُ	نَفْسًا	اِلَّا مَآ
اللہ تعالیٰ نے	نہیں	تکلیف دیتا	اللہ تعالیٰ	کسی شخص کو	مگر اسی کی جو

اللہ تعالیٰ نے اُسے دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی کو تکلیف نہیں دیتا ہے مگر اسی کی جو

ع ۱۷

اٰتٰىهَا ؕ	سَيَجْعَلُ	اللّٰهُ	بَعْدَ	عُسْرٍ	يُّسْرًا ؕ ۷
اس نے دیا ہے اسے	جلد ہی کر دے گا	اللہ تعالیٰ	بعد	تنگی کے	آسانی

اس نے اسے دیا ہے اللہ تعالیٰ تنگ دستی کے بعد جلد ہی آسانی پیدا کر دے گا۔(7)

وَكَاَيِّنْ	مِّنْ قَرْيَةٍ	عَتَتْ	عَنْ اَمْرِ	رَبِّهَا
اور کتنی ہی	بستیاں ہیں	کہ انہوں نے سرکشی کی	حکم سے	اپنے رب کے

اور کتنی ہی بستیوں نے اپنے رب

وَرُسُلِهٖ	فَحَاسَبْنٰهَا	حِسَابًا	شَدِيْدًا ۙ	وَّعَذَّبْنٰهَا
اور اس کے رسولوں کے	تو ہم نے محاسبہ کیا ان کا	محاسبہ	بہت سخت	اور سزا دی ہم نے انہیں

اور اُس کے رسولوں کے حکم سے سرکشی کی تو ہم نے اُن کا محاسبہ کیا، بہت سخت محاسبہ کرنا اور ہم نے اُنہیں سزا دی،

عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨﴾ فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ

سزا جانی پہچانی نہ تھی تو چکھا انہوں نے وبال اپنے کام کا اور ہوا

ایسی سزا جو جانی پہچانی نہ تھی۔(8) تو اُنہوں نے اپنے کام کا وبال چکھا اور

عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ﴿٩﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ

انجام ان کے کام کا خسارہ تیار کیا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے

اُن کے کام کا انجام خسارہ ہی ہوا۔(9) اللہ تعالیٰ نے اُن کے لیے

عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ۚ الَّذِيْنَ

عذاب سخت سوڈر جاؤ اللہ تعالیٰ سے اے عقل مندو

سخت عذاب تیار کیا ہے۔سوائے عقل مندو! جو ایمان لائے ہو اللہ تعالیٰ سے ڈر جاؤ،

اٰمَنُوْا ۛ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ

جو ایمان لائے ہو یقیناً نازل کی اللہ تعالیٰ نے تمہاری طرف

یقیناً اللہ تعالیٰ نے تمہاری طرف نصیحت نازل کی ہے۔(10)

ذِكْرًا ﴿١٠﴾ ۙ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ

نصیحت وہ ایک رسول ہے جو پڑھ کر سناتا ہے تمہیں اللہ تعالیٰ کی آیات

وہ ایک رسول ہے جو تمہیں اللہ تعالیٰ کی

مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

واضح بیان کرنے والی تا کہ وہ نکال لائے ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے عمل کیے

واضح بیان کرنے والی آیات پڑھ کر سناتا ہے تا کہ وہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے،

الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْ

نیک تاریکیوں سے روشنی کی جانب اور جو کوئی ایمان لائے

ان کو تاریکیوں سے روشنی کی جانب نکال لائے اور جو کوئی

بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

اللہ تعالیٰ پر اور عمل کرے نیک وہ داخل کرے گا اسے جنتوں میں بہتی ہیں

اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے وہ اُسے جنتوں میں داخل کرے گا

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ قَدْ

جن کے نیچے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے ہیں ان میں ہمیشہ ہمیشہ بلاشبہ

جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں ان میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں ہمیشہ ہمیشہ، بلاشبہ

اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ﴿۱۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ

بہترین بنایا ہے اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے رزق اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے

اللہ تعالیٰ نے اُس کے لیے بہترین رزق بنایا ہے۔(11) اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے

خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ؕ يَتَنَزَّلُ

پیدا کیے سات آسمان اور زمین میں سے ان ہی کی مثل اترتا ہے

سات آسمان پیدا کیے اور زمین سے بھی اُن ہی کی مثل۔

الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

حکم درمیان ان کے تاکہ تم جان لو یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر

اُن کے درمیان حکم اُترتا ہے تاکہ تم جان لو کہ اللہ تعالیٰ یقیناً ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ

پوری قدرت رکھنے والا ہے اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے یقیناً احاطہ کر رکھا ہے

پوری قدرت رکھنے والا ہے اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے علم میں یقیناً

بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿۱۲﴾ ع

ہر چیز کا علم میں

ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے۔(12)

ع ۲ ۱۸

اٰیاتھا ۱۲ | ٦٦ سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ ١٠٧ | رکوعاتھا ۲

سُورہ تحریم مدنی ہے اس میں بارہ آیات اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام اللہ کے وسیع رحمت والا نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ

اے نبی کیوں آپ حرام کرتے ہیں جسے حلال کیا ہے اللہ تعالیٰ نے

اے نبی! آپ اُس چیز کو حرام کیوں کرتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے آپ پر حلال کیا ہے؟

لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

آپ پر آپ چاہتے ہیں خوشی اپنی بیویوں کی اور اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا

آپ اپنی بیویوں کی خوشی چاہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا،

رَّحِيْمٌ ① قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ

نہایت رحم والا ہے یقیناً مقرر کر دیا اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے کھولنا

نہایت رحم والا ہے۔(1) یقیناً اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے اپنی قسموں کو کھولنا مقرر کر دیا ہے

اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ②

اپنی قسموں کو اور اللہ تعالیٰ کارساز ہے تمہارا اور وہ سب کچھ جاننے والا کمال حکمت والا ہے

اور اللہ تعالیٰ تمہارا کارساز ہے اور وہ سب کچھ جاننے والا، کمال حکمت والا ہے۔(2)

وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ

اور جب چھپا کر کہی نبی نے بعض کی طرف اپنی بیویوں (میں سے)

اور جب نبی نے ایک بات اپنی کسی بیوی سے چھپا کر کہی

حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ

ایک بات پھر جب اس (بیوی) نے خبر دی اس (بات) کی اور اطلاع دے دی اس کی اللہ تعالیٰ نے

پھر جب اُس نے اس بات کی خبر دے دی اور اللہ تعالیٰ نے نبی کو اُس کی اطلاع دے دی

عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا

اس پر اس نے آگاہ کیا کچھ بات سے اور اعراض کیا کچھ سے پھر جب

تو نبی نے کچھ بات سے آگاہ کیا اور کچھ سے اِعراض کیا پھر جب

نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ

اس نے بتادی اس (بیوی) کو وہ بات اس نے پوچھا کس نے خبر دی آپ کو یہ

نبی نے اُسے یہ بات بتائی تو اُس نے پوچھا: ”آپ کو کس نے یہ خبر دی ہے؟“

قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝٣ اِنْ تَتُوْبَاۤ

نبی نے کہا خبر دی مجھے سب کچھ جاننے والے خوب باخبر نے اگر تم دونوں توبہ کرو

نبی نے کہا: ”مجھے اس نے خبر دی ہے جو سب کچھ جاننے والا، خوب باخبر ہے۔“ (3) اگر تم دونوں اللہ کی طرف توبہ کرو

اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ

طرف اللہ تعالیٰ کی یقیناً ہٹ گئے ہیں تمہارے دل اور اگر

کہ یقیناً تمہارے دل راہِ راست سے ہٹ گئے ہیں اور اگر

تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ

تم ایک دوسرے کی مدد کرو گی اس کے خلاف تو یقیناً اللہ تعالیٰ وہ مددگار ہے اس کا اور جبرائیل

تم دونوں نبی کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کرو گی تو یقیناً اللہ تعالیٰ اُس کا مددگار ہے اور جبرائیل

وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝٤

اور نیک مومنین اور تمام فرشتے بعد اس کے مددگار ہیں

اور نیک مؤمنین اور اس کے بعد تمام فرشتے اُس کے مددگار ہیں۔ (4)

عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗۤ

قریب ہے کہ رب اس کا اگر وہ طلاق دے تمہیں یہ کہ بدلے میں دے اس کو

اگر وہ تمہیں طلاق دے دے تو قریب ہے کہ اُس کا رب تمہارے بدلے انہیں

اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ

بیویاں بہتر تم سے اسلام والیاں ایمان والیاں اطاعت کرنے والیاں

تم سے بہتر بیویاں دے دے گا جو اسلام والیاں، ایمان والیاں، اطاعت کرنے والیاں،

تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ۝۵

توبہ کرنے والیاں عبادت کرنے والیاں روزہ دار بیوہ اور کنواریاں

توبہ کرنے والیاں، عبادت کرنے والیاں، روزہ دار، بیوہ اور کنواریاں ہوں۔ (5)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو

نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ

آگ سے جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں جس پر فرشتے ہیں

آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں جس پر

غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ

تند مزاج سخت گیر نہیں وہ نافرمانی کرتے اللہ تعالیٰ کی جو وہ حکم دے انہیں

تند مزاج سخت گیر فرشتے مقرر ہیں، جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کرتے،

وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝۶ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوا

اور وہ وہی کرتے ہیں جس کا حکم دیا جاتا ہے اے لوگو جنہوں نے کفر کیا

اور اُنہیں جو حکم دیا جاتا ہے وہی کرتے ہیں۔ (6) اے لوگو نے جنہوں نے کفر کیا!

لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ۖ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ

نہ تم معذرت کرو آج یقیناً تم بدلہ دیے جاؤ گے جو تھے تم

آج معذرت نہ کرو یقیناً تم اُسی کا بدلہ دے جاؤ گے جو تم

ع ۱ ۱۹

تَعْمَلُونَ ﴿٧﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى

عمل کرتے اے وہ لوگ جو ایمان لائے توبہ کرو طرف

عمل کرتے تھے۔(7) اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ تعالیٰ کی طرف توبہ کرو،

اللَّهِ تَوْبَةً نَصُوحًا ۖ عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَنْ

اللہ تعالیٰ کی توبہ خالص قریب ہے تمہارا رب یہ کہ

خالص توبہ، تمہارا رب قریب ہے

يُكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ

دور کردے تم سے تمہاری برائیاں اور داخل کردے تمہیں باغوں میں

کہ تم سے تمہاری برائیاں دور کردے اور تمہیں داخل کردے ان باغوں میں

تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللَّهُ

بہہ رہی ہیں جن کے نیچے سے نہریں اس دن نہ رسوا کرے گا اللہ تعالیٰ

جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، اس دن اللہ تعالیٰ

النَّبِيَّ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ ۚ نُورُهُمْ يَسْعَىٰ

نبی کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے ساتھ اس کے نور ان کا دوڑ رہا ہوگا

نبی کو اور اُن لوگوں کو جو اُس کے ساتھ ایمان لائے ہیں، رُسوا نہ کرے گا، اُن کا نور

بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَتْمِمْ

ان کے آگے اور ان کی دائیں جانب وہ کہیں گے اے ہمارے رب مکمل کردے

اُن کے آگے اور اُن کی دائیں جانب دوڑ رہا ہوگا، وہ کہیں گے: ''اے ہمارے رب!

لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ

ہمارے لئے ہمارا نور اور ہمیں بخش دے بلاشبہ تو ہر چیز پر

ہمارا نور مکمل کر دے اور ہمیں بخش دے، بلاشبہ تو ہر چیز پر

قَدِیْرٌ ﴿٨﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ

پوری قدرت رکھنے والا ہے اے نبی جہاد کرو کفار سے اور منافقین سے

پوری قدرت رکھنے والا ہے۔'' (8) اے نبی! کفار اور منافقین سے جہاد کرو

وَاغْلُظْ عَلَیْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ ﴿٩﴾

اور سختی کرو ان پر اور ٹھکانہ ان کا جہنم ہے اور بہت ہی برا ہے ٹھکانہ

اور اُن پر سختی کرو اور اُن کا ٹھکانہ جہنم ہے اور بہت ہی بُرا ٹھکانہ ہے۔ (9)

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ

بیان کی اللہ تعالیٰ نے ایک مثال ان لوگوں کے لیے جنہوں نے کفر کیا بیوی کی

اللہ تعالیٰ نے کافروں کے لیے

نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَیْنِ

نوح کی اور بیوی کی لوط کی دونوں تھیں زیرِ نکاح دو بندوں کے

نوح کی بیوی اور لوط کی بیوی کی مثال بیان کی ہے۔ دونوں ہمارے بندوں میں سے

مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَیْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ یُغْنِیَا

ہمارے بندوں میں سے نیک پھر دونوں نے خیانت کی ان سے تو نہ وہ کام آئے

دو نیک بندوں کے نکاح میں تھیں، پھر اُن دونوں نے اُن سے خیانت کی

عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَیْـًٔا وَّقِیْلَ ادْخُلَا النَّارَ

ان دونوں سے اللہ تعالیٰ سے کچھ بھی اور کہہ دیا گیا داخل ہو جاؤ آگ میں

تو وہ اللہ تعالیٰ سے بچانے میں اُن کے کچھ بھی کام نہ آئے اور اُن سے کہہ دیا گیا: ''داخل ہونے والوں کے

مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ⑩ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ

ساتھ داخل ہونے والوں کے اور بیان کی اللہ تعالیٰ نے ایک مثال ان کے لئے جو

ساتھ تم دونوں بھی آگ میں داخل ہو جاؤ۔'' (10) اور اللہ تعالیٰ نے

وقف لازم

اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ

ایمان لائے فرعون کی بیوی کی جب اس نے کہا اے میرے رب

مؤمنوں کے لیے فرعون کی بیوی کی مثال بیان کی ہے۔ جب اُس نے کہا: ''اے میرے رب!

ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ

بنا دے میرے لئے اپنے پاس ایک گھر جنت میں اور نجات دے مجھے

میرے لیے اپنے پاس جنت میں ایک گھر بنا دے اور مجھے فرعون

مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ⑪ لا

فرعون سے اور اس کے عمل سے اور نجات دے مجھے ظالم لوگوں سے

اور اُس کے عمل سے بچا اور ظالم لوگوں سے مجھے نجات دے۔'' (11)

وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا

اور مریم عمران کی بیٹی وہ جس نے حفاظت کی اپنی شرم گاہ کی

اور عمران کی بیٹی مریم کی مثال بیان کی، جس نے اپنی شرم گاہ کی حفاظت کی

فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ

تو ہم نے پھونک دی اس میں اپنی روح سے اور اس نے تصدیق کی باتوں کی

تو ہم نے اُس میں اپنی رُوح پھونک دی اور اُس نے اپنے رب کی باتوں

رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ⑫ ع ۲ ۵ ۲۰

اپنے رب کی اور اس کی کتابوں کی اور وہ تھی فرماں برداروں میں سے

اور اُس کی کتابوں کی تصدیق کی اور وہ فرماں برداروں میں سے تھی۔ (12)